صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان
ہفت روزہ
E-mail:info@tijaratnews.tv
Cell: 03070610770
تجارت نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر
جلد 25 | شمارہ: 48 | 24 تا 30 نومبر 2025ء | صفحات: 4 | قیمت: 15

پاکستان میں سطح پر بدعنوانی طاقتور حلقوں نے معاشی پالیسیاں یرغمال بنالیں، آئی ایم ایف

سب سے زیادہ نقصان دہ کرپشن وہ ہے جو طاقتور اور مراعات یافتہ حلقے اہم معاشی شعبوں پر اثر انداز ہو کر کرتے ہیں، جن میں ریاستی ملکیتی یا ریاستی سرپرستی یافتہ ادارے بھی شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں بدعنوانی ایک مستقل چیلنج ہے

70 برس بعد بھی بدعنوانی ملک کی معاشی وسماجی ترقی کی سب سے بڑی رکاوٹ بنی ہوئی ہے، جو سرکاری رقوم کا ضیاع، مارکیٹ بگاڑ، غیر منصفانہ مسابقت، عوامی اعتماد میں کمی اور سرمایہ کاری میں رکاوٹ کا باعث ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) نے اپنی 186 صفحات پر مشتمل سخت رپورٹ میں کہا ہے کہ پاکستان میں حکومت کے ہر درجے پر بدعنوانی کے خطرات موجود ہیں، اور سب سے زیادہ نقصان دہ کرپشن وہ ہے جو طاقتور اور مراعات یافتہ حلقے اہم معاشی شعبوں پر اثر انداز ہو کر کرتے ہیں، جن میں ریاستی ملکیتی یا ریاستی سرپرستی یافتہ ادارے بھی شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں بدعنوانی ایک مستقل چیلنج ہے، جس کے معاشی ترقی پر نمایاں منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں, رپورٹ کے مطابق وقت کے ساتھ بدعنوانی پر قابو پانے میں کمزوری کے اثرات عوامی اخراجات کے موثر استعمال، محصول جمع کرنے کے عمل اور قانونی نظام پر اعتماد پر پڑ رہے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں بدعنوانی کی حقیقی مقدار ناپنے کا کوئی قابلِ اعتماد طریقہ موجود نہیں، تاہم قومی احتساب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

ٹیلی کام سیکٹر کی آمدنی 152 ارب روپے کم ہوگئی

تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق ٹیلی کام آمدنی مالی سال 2024 میں 955 ارب روپے سے کم ہو کر مالی سال 2025 میں 803 ارب روپے ہوگئی ہے

وجوہات آپریشنل اخراجات، بھاری ٹیکس اور صارفین کی کمزور قوت خرید ہیں، ذرائع کے مطابق مثبت معاشی اشاروں کے باوجود اس صنعت کے ریونیو میں شدید کمی آئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے ٹیلی کام سیکٹر کی آمدنی مالی سال 2024-25 میں سالانہ بنیادوں پر 16 فیصد کمی کے ساتھ 803 ارب روپے رہ گئی، کیونکہ آپریٹرز بڑھتے ہوئے آپریشنل اخراجات، بھاری ٹیکس اور صارفین کی کمزور ہوتی قوت خرید کا سامنا کر رہے ہیں۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کے تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق ٹیلی کام آمدنی مالی سال 2024 میں 955 ارب روپے سے کم ہو کر مالی سال 2025 میں 803 ارب روپے ہوگئی ہے، یعنی 152 ارب روپے یا 16 فیصد کی کمی واقع ہوئی ہے۔ یہ کمی ایسے وقت میں ہوئی ہے جب ڈیٹا کی کھپت ریکارڈ سطح 27,897 پیٹا بائٹس (پی بی) تک پہنچ گئی ہے اور براڈ بینڈ صارفین کی تعداد 150 ملین ہوگئی ہے۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

ترکیہ سندھ کے خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے لیے تیار

قاسم نوید قمر نے سندھ ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی سمیت مختلف حکومتی اقدامات اور اسپیشل اکنامک زونز میں سرمایہ کاروں کے لیے ٹیکس مراعات پر بھی روشنی ڈالی

حکومت اکنامک زونز کے قیام کے لیے پرعزم ہے اور موٹر سائیکل و الیکٹرانک آلات بنانے والی کمپنیاں وہاں اپنے یونٹس قائم کرنے میں خصوصی دلچسپی لے رہی ہیں

کراچی (کامرس رپورٹر) سندھ کے وزیر اعلیٰ کے معاونِ خصوصی برائے سرمایہ کاری و پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ سید قاسم نوید قمر نے ترکیہ کے قونصل جنرل ارگل کدک اور کمرشل اتاشی مراد اوزمین سے سندھ انویسٹمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں پر گفتگو کی گئی۔ بیان کے مطابق ملاقات میں معاون خصوصی نے سندھ میں سرمایہ کاری کے مواقع کے تفصیلی بریفنگ دی، جن میں دھابنجی اور خیر پور اسپیشل اکنامک زونز، کراچی ایجوکیشن سٹی، ماربل سٹی، کراچی، جبکہ تعلیم، زراعت، توانائی، آئی ٹی، انفرا اسٹرکچر، پانی کی ری سائیکلنگ، ماحولیات اور صنعت سمیت دیگر شعبے شامل تھے۔ قاسم نوید قمر نے سندھ ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی سمیت مختلف حکومتی اقدامات اور اسپیشل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

برسلز: اسحاق ڈار یورپی یونین کی نائب صدر کاجہ کالاس سے مصافحہ کر رہے ہیں

صنعتی ترقی ہی خوشحالی کی کنجی ہے

وزیر اعظم

اجلاس میں صنعتی ترقی کو ازسرِ نو فعال بنانے کے لیے متعدد تجاویز پیش کی گئیں، جن میں فرسودہ انفرااسٹرکچر کی جدید کاری، صنعتی عمل میں بہتری اور خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں پاکستان کی مسابقت بڑھانے پر خاص زور دیا گیا

صنعتکاروں نے بھی وزیر اعظم کے مؤقف کی تائید کی اگر ملک کے صنعتی ڈھانچے کو ترقی دینی ہے تو حکومتی پالیسیوں میں تسلسل اور وضاحت یقینی بنانا ضروری ہے، ملک کی صنعتی صلاحیت کو حقیقت میں بدلنے کیلئے باہمی تعاون کو مضبوط بنایا جائے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے صنعتی شعبے کی بحالی کے عزم کو ایک بار پھر دہرایا اور واضح کیا کہ صنعتی ترقی ہی طویل المدتی خوشحالی کی کنجی ہے۔ ملکی صنعتی ترقی پر نجی شعبے کی قائم کردہ کمیٹی کے افتتاحی جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ صنعتی ترقی صرف ایک ترجیح نہیں بلکہ وہ بنیادی ستون ہے جس پر ملک کا معاشی مستقبل استوار ہونا چاہیے۔ سینئر وزراء احسن اقبال، جام کمال خان اور احد خان چیمہ کے ساتھ نمایاں صنعتکاروں کی موجودگی میں وزیر اعظم نے ایک مضبوط اور ترقی پذیر صنعتی شعبے کا اپنا وژن پیش کیا جو ملک کی طویل المدتی معاشی منصوبہ بندی کا مرکزی حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار معاشی ترقی، بڑھتی ہوئی آمدن اور روزگار (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

ہنر کی ترقی کیلئے پاکستان جلد اپنا پہلا اسکلز اولمپیکٹ بانڈ شروع کرے گا

بانڈ، برٹش ایشین ٹرسٹ کے تعاون سے تیار کیا گیا ہے اور نیشنل ووکیشنل ٹریننگ اینڈ ووکیشنل ٹریننگ کمیشن کے ذریعے نافذ کیا جائے گا

اس کا مقصد روایتی فنڈنگ چینلز کی بجائے سرمایہ مارکیٹ کے آلات کے ذریعے سماجی شعبے میں پائیدار مالی معاونت کو فروغ دینا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و ریونیو محمد اورنگزیب نے اعلان کیا کہ پاکستان جلد اپنا پہلا اسکلز اولمپیکٹ بانڈ شروع کرے گا تاکہ ہنر کی ترقی کو فروغ دیا جا سکے اور سماجی شعبے میں پائیدار مالی معاونت کی جانب پیش رفت کی جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان سنٹر فار فیلان تھراپی کی جانب سے منعقدہ کارپوریٹ فیلان تھراپی رپورٹ 2024 کی تقریب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

پاک افغان تجارت بند ہونے سے پاکستان کو فائدہ، افغانستان کو بھاری نقصان ہونے لگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور افغانستان کے درمیان تجارتی بندش کا معاملہ پاکستان کے لیے فائدہ مند ثابت ہوا ہے جب کہ افغانستان کو بہت نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان نے وہ تمام راستے بند کر دیے ہیں جو اسمگلنگ، منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور دہشت گردی کے بنیادی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

سونا پھر مہنگا ہوگیا، عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت بڑھ گئی

فی اونس سونے کی قیمت میں 23 ڈالر کا اضافہ ریکارڈ ہوا

24 قیراط سونے کی قیمت 4 لاکھ 28 ہزار 862 روپے کی سطح پر آ گئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت میں ایک بار پھر اضافہ ہوگیا۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں ہفتے کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 23 ڈالر کا اضافہ ریکارڈ ہوا، جس کے بعد نئی عالمی قیمت 4 ہزار 65 ڈالر کی سطح پر آ گئی۔ دوسری جانب مقامی صرافہ بازاروں میں 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت میں 2 ہزار 300 روپے کا اضافہ ہونے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر
یوٹیوب پر جا کر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں
اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں
SUBSCRIBE NOW
TIJARAT NEWS
YouTube
info@tijaratnews.tv 0307-0610770

تجارت نیوز نے سندھ کی معاشی ترقی کو نگلنے والے مسائل کا سراغ لگالیا

سب سے پہلے نمبر پر آنے والا توانائی کا بحران سندھ کی صنعت و حرفت کے لیے سب سے مہلک زخم ثابت ہوا اور یہ کہا جا سکتا ہے کہ سندھ کے صنعتی زوال کا سب سے بڑا سبب بے یقین توانائی نظام ہے

کبھی سبسڈی ملتی ہے، کبھی واپس لے لی جاتی ہے اور کبھی صنعتی زونز کے لیے مراعات کا اعلان ہوتا ہے، مگر زمینوں اور NOCs کے مراحل برسوں تک لٹکے رہتے ہیں

کراچی (کامرس رپورٹر) سندھ کبھی پاکستان کی صنعتی ریڑھ کی ہڈی سمجھا جاتا تھا اور کراچی کے صنعتی علاقوں میں قائم کارخانوں، ملوں اور فیکٹریوں کی چمنیوں سے اٹھتا دھواں معیشت کی طاقت کی علامت تھا جبکہ حیدرآباد، کوٹری، نوشہرو فیروز سے لے کر گھوٹکی تک صنعتوں کا جال ملک کی پیداوار، روزگار اور برآمدات کا بڑا ذریعہ تھا مگر وقت کے ساتھ یہ صنعتی پہیہ سست پڑتا گیا، اور آج صورت حال یہ ہے کہ نئی صنعت لگانا تو دور، پرانی فیکٹریاں بھی بند ہو رہی ہیں، سوال یہ ہے کہ آخر سندھ کی انڈسٹری کیوں زوال پذیر ہوئی؟ تجارت نیوز کی جانب سے زمینی حقائق کی روشنی میں سندھ کی انڈسٹری کے زوال کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

نجی شعبے کی تجاویز کے بعد صنعتی پالیسی میں اصلاحات کی جانب پیش رفت

ورکنگ گروپ کے پہلے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیر اعظم نے سفارشات کا خیر مقدم کیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے نجی شعبے کی جانب سے ملک کی صنعتی ترقی کو فروغ دینے کے لیے پیش کردہ تجاویز کے بعد پاکستان کی صنعتی پالیسی میں اصلاحات کی جانب پیش رفت کا عندیہ دیا۔ بیان کے مطابق صنعت کاری پر ورکنگ گروپ کے پہلے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان نے 17 بڑے نجی اسکول سسٹمز کو شوکاز نوٹس جاری کر دیے

اس اقدام کا مقصد لاکھوں طلبہ اور ان کے خاندانوں کو غیر منصفانہ اور غیر مسابقتی قیمتوں سے بچانا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) نے ملک کے 17 بڑے نجی اسکول سسٹمز کو شوکاز نوٹس جاری کیے ہیں۔ ان اسکولوں پر الزام ہے کہ وہ والدین کو مبینگے لوگو والی نوٹ بکس، ورک بکس اور یونیفارم زمصرف اسکول کے منظور شدہ سپلائرز سے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت پاکستان ریلویز کے امور پر اہم اجلاس منعقد

منصوبوں کے حوالے سے بین الاقوامی معیار کے قانونی اور معاشی ماہرین کی خدمات حاصل کرنے کی ہدایت کی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت پاکستان ریلویز کے امور پر اہم اجلاس وزیر اعظم ہاؤس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران وزیر اعظم شہباز شریف کو پاکستان ریلوے کی جدید کاری کے منصوبوں اور آمدنی کے ذرائع سمیت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کی نیدرلینڈ کے سفیر سے اہم ملاقات

سیکرٹری تجارت نے یورپی یونین کی جانب سے عائد تھانول پر دی جانے والی مراعات ختم کرنے کے معاملے کو بھی اٹھایا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے ہالینڈ کے ساتھ مذاکرات کے دوران یورپی یونین (ای یو) کے جنرلائزڈ اسکیم آف پریفرنسز پلس (جی ایس پی پلس) کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا جبکہ ساتھ ہی ان اہم تجارتی شکایات کی نشاندہی بھی کی جو مارکیٹ تک رسائی میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

دبئی ایئر شو کے دوران بھارتی فضائیہ کا لڑاکا طیارے **تیجس** سے شعلے بلند ہو رہے ہیں

میئی میں پاک فوج کو بھارت پر برتری حاصل رہی، امریکی رپورٹ

رپورٹ میں بھارت پر پاکستان کی ''فوجی کامیابی'' کا ذکر کیا گیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ پاکستان نے بھارت کے زیر استعمال فرانسیسی رافیل لڑاکا طیاروں کو مار گرانے کے لیے چینی ہتھیاروں کا استعمال کیا تھا

پاکستان کی فوجی کامیابی نے چینی ہتھیاروں کی طاقت کو نمایاں کیا ہے، مئی کا تنازع دہائیوں میں دونوں جوہری مسلح ہمسایہ ممالک کے درمیان سب سے شدید ٹکراؤ تھا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی کانگریس میں پیش کی گئی ایک رپورٹ میں رواں سال مئی میں چار روزہ تنازع کے دوران بھارت پر پاکستان کی ''فوجی کامیابی'' کا ذکر کیا گیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ پاکستان نے بھارت کے زیر استعمال فرانسیسی رافیل لڑاکا طیاروں کو مار گرانے کے لیے چینی ہتھیاروں کا استعمال کیا تھا۔ امریکی حکومت کی قانون ساز شاخ، کانگریس، کے یونائیٹڈ اسٹیٹس چائنا اکنامک اینڈ سیکیورٹی ریویو کمیشن کی رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ ''چار روزہ جھڑپ میں بھارت کے خلاف پاکستان کی فوجی کامیابی نے چینی ہتھیاروں کی طاقت کو نمایاں کیا ہے۔ مئی کا تنازع، جو دہائیوں میں دونوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

ایس آئی ایف سی کی جامع حکمتِ عملی سرمایہ کاری کے دائرہ کار میں نمایاں توسیع

مالی سال کے ابتدائی چار ماہ میں 14 ہزار 802 نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن مکمل ہوئی جس کے بعد پاکستان میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی مجموعی تعداد 2 لاکھ 72 ہزار 918 تک پہنچ گئی

332 کمپنیوں کو عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد حاصل ہوا جبکہ ڈیجیٹل رسائی میں اضافے کے باعث 250 سے زیادہ شہروں اور 30 فیصد قصبوں میں رجسٹریشن کا عمل مکمل ہوا

کراچی (کامرس رپورٹر) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال کے ابتدائی چار ماہ میں 14 ہزار 802 نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن مکمل ہوئی جس کے بعد پاکستان میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی مجموعی تعداد 2 لاکھ 72 ہزار 918 تک پہنچ گئی۔ آئی ٹی اور ای کامرس کا شعبہ 670 نئی کمپنیوں کے ساتھ سرفہرست ہے، رجسٹرڈ کمپنیوں میں 59 فیصد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

واشنگٹن: امریکی صدر ٹرمپ نیویارک کے نئے میئر ظہران ممدانی کیساتھ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

2 برسوں کے دوران 30 بین الاقوامی کمپنیاں پاکستان چھوڑ گئیں

مائیکروسافٹ، شیل، اوبر، یاماہا سمیت دیگر بڑی بین الاقوامی کمپنیوں کی پاکستان سے رخصت نے سرمایہ کاروں کا اعتماد ہلا کر رکھ دیا ہے

کاروباری لاگت میں اضافہ اور حکومتی پالیسیوں میں استحکام کی کمی اس غیر معمولی رجحان کے بنیادی عوامل قرار دیے جاتے ہیں

کراچی (کامرس رپورٹر) ایک جانب تو وفاقی حکومت میں موجود اعلیٰ شخصیات، وفاقی وزرا اور پوری ریاستی مشینری یہ دعویٰ کر رہی ہے کہ پاکستانی معیشت انتہائی تیز رفتاری سے ترقی کر رہی ہے، عالمی سطح پر معاشی اعتماد بحال ہو چکا ہے اور بڑی سرمایہ کاری متوقع ہے، مہنگائی کی شرح میں کمی ہو رہی ہے، جس سے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج، ایک ماہ میں 16 ہزار 856 نئے سرمایہ کار رجسٹرڈ

اسٹاک ایکس چینج میں اکتوبر کے دوران 87 فیصد مرد اور 13 فیصد خواتین نے ٹریڈنگ رجسٹریشن کرائی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اسٹاک ایکس چینج میں پہلی بار ایک ماہ میں 16 ہزار 856 نئے سرمایہ کار رجسٹرڈ ہوئے ہیں۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی جانب سے پریس ریلیز میں بتایا گیا کہ پنجاب سے سب سے زیادہ 8 ہزار 9 افراد ٹریڈنگ کیلئے رجسٹرڈ ہوئے۔ اس کے علاوہ سندھ سے 6029، بلوچستان سے 211 اور کے پی کے سے 1058 افراد رجسٹرڈ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

سرحدی تجارتی راستے کھلنے میں تاخیر کی ذمہ دار افغان حکومت ہے، پاکستان

بنگلہ دیش کے سابق وزیر اعظم (حسینہ واجد) کے مقدمے میں دی گئی سزائے موت بنگلہ دیش کا داخلی معاملہ ہے، ترجمان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے کہا ہے کہ افغانستان کے ساتھ تجارتی سرحدی راستوں کے دوبارہ کھلنے میں تاخیر کی ذمہ داری افغان طالبان حکومت پر عائد ہوتی ہے اور افغانستان کے ساتھ تجارت دوبارہ شروع کرنا انتہائی خطرناک ہے۔ یہ بات ترجمان دفترِ خارجہ طاہر اندرابی نے ہفتہ وار میڈیا بریفنگ میں کہی۔ اُن کا کہنا تھا کہ افغانستان کے ساتھ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

قومی مالیاتی کمیشن کا زیر التوا اجلاس 4 دسمبر کو طلب کر لیا گیا

پہلا اجلاس جو دراصل 28 اگست کو طے شدہ تھا، سندھ حکومت کی درخواست پر ملتوی کر دیا گیا تھا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے قومی مالیاتی کمیشن (این ایف سی) کا طویل عرصے سے زیر التوا اجلاس 4 دسمبر کو طلب کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ اقدام مرکز اور صوبوں کے درمیان آمدنی کی تقسیم کے نئے معاہدے کو حتمی شکل دینے کی طویل کوشش میں ایک ممکنہ طور پر فیصلہ کن لمحے کی نشاندہی کرتا ہے۔ یہ اجلاس اس سے قبل کئی بار ملتوی ہو چکا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

ملک میں گاڑیوں کے پارٹس کی درآمدات میں بڑا اضافہ ریکارڈ

نئی اور استعمال شدہ گاڑیوں کے ساتھ ساتھ مقامی سطح پر ان کی تیاری کے لیے آٹو پارٹس کی درآمدات میں بھی تیزی کا رجحان ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں گاڑیوں کی اسمبلی کٹس کی درآمدات میں پچھلے سال کے مقابلے میں 123 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس کے باعث مقامی آٹو مارکیٹ میں سرگرمی بڑھ گئی۔ ملک میں نئی اور استعمال شدہ گاڑیوں کے ساتھ ساتھ مقامی سطح پر ان کی تیاری کے لیے آٹو پارٹس کی درآمدات میں بھی تیزی کا رجحان ہے جب کہ صارفین دونوں، استعمال شدہ اور مقامی طور پر تیار (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

ریکوڈیک کان کنی منصوبے کی جلد منظوری متوقع ہے، وزیر خزانہ

ریکوڈک بلوچستان میں واقع ایک وسیع، غیر ترقی یافتہ تانبے اور سونے کا ذخیرہ ہے، جسے دنیا کے سب سے بڑے ذخائر میں سے ایک مانا جاتا ہے

25 فیصد تین وفاقی سرکاری اداروں کے پاس، اور 25 فیصد حکومت بلوچستان کے پاس ہے، یہ منصوبہ 2028 میں پیداوار شروع کرنے کا ہدف رکھتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ ریکوڈک کان کنی منصوبے کی طویل انتظار شدہ مالیاتی منظوری عنقریب متوقع ہے، جس میں اہم بین الاقوامی شراکت دار اپنی شمولیت کو حتمی شکل دے رہے ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ریکوڈیک کے لیے مالیاتی منظوری عملی طور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

پی آئی اے، 75 فیصد شیئرز نجی خریداروں کو فروخت کیے جانے کا امکان

وزیر اعظم کی زیر صدارت ہونے والے اعلیٰ سطح اجلاس میں حکام نے پی آئی اے کی نجکاری کا تفصیلی منصوبہ پیش کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بحران کا شکار قومی فضائی کمپنی کے 75 فیصد شیئرز نجی خریداروں کو فروخت کیے جانے کا امکان ہے۔ وزیر اعظم کی زیر صدارت ہونے والے اعلیٰ سطح اجلاس میں حکام نے پی آئی اے کی نجکاری کا تفصیلی منصوبہ پیش کیا، جس میں اب تک کی پیش رفت اور آئندہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ بچوں کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ آگاہی واک میں شریک ہیں

وزیر اعظم شہباز شریف پاکستان ریلوے سے متعلق معاملات پر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد نمبر 25 (شمارہ نمبر 48) 24 تا 30 نومبر 2025ء فون-0307-0610770 E-MAIL:info@tigaratnews.tv

ڈیجیٹل قبرستان

آج کے ڈیجیٹل دور میں، سب سے بڑی طاقت آزادی اظہار (ExpressionofFreedom) کی ہے۔ لیکن جب دنیا کی سب سے بڑی ٹیکنالوجی کمپنی یوٹیوب سیاسی دباؤ کے سامنے جھک کر سچ کو مٹانا شروع کر دے تو ذرا سوچیے کیا ہوتا ہے؟ یہ صرف سنسر شپ نہیں، بلکہ یہ جنگی جرائم کے ثبوتوں کو مٹانے کا ایک منظم عمل ہے جو کہ اہل فلسطین پر ٹیکنالوجی کے میدان میں بھی کیا جا رہا ہے۔ اس عمل نے ایک طرح سے عالمی سچائی اور آزادی کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔ یوٹیوب نے فلسطینی حقوق کی تنظیموں کی 700 سے زیادہ ویڈیوز مٹا کر ثابت کر دیا ہے کہ طاقتوروں کے حق میں، سچائی کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ یہ خوفناک حقیقت امریکی ویب سائٹ ''دی انٹرسیپٹ'' (InterceptThe) کی رپورٹ میں سامنے آئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ یوٹیوب نے اکتوبر 2025 میں خفیہ طور پر فلسطینی انسانی حقوق کی تین اہم ترین تنظیموں کے اکاؤنٹس کو اپنے پلیٹ فارم سے مکمل طور پر ختم کر دیا ہے۔ یہ تنظیمیں الحق (Haq-Al)، المیزان سینٹر (CenterMezanAl)، اور فلسطینی سینٹر برائے انسانی حقوق (PCHR) تھیں۔ یہ تینوں تنظیمیں طویل عرصے سے اسرائیل کی جانب سے کی جانے والی خلاف ورزیوں کی دستاویزی ریکارڈنگ میں مصروف تھیں۔ یوٹیوب نے ان چینلز کے آرکائیوز سمیت تمام مواد کو مٹا دیا، جس میں شیرین ابو عاقلہ (AklehAbuShireen) کے قتل کی تحقیقات اور غزہ میں نسل کشی سے متعلق ویڈیوز شامل تھیں۔ یوٹیوب کے اس اقدام کا مطلب یہ ہے کہ عالمی اداروں کے لیے اب ان 700 سے زیادہ شواہد تک پہنچنا ناممکن ہو گیا ہے۔ یہ ایک طرح سے تاریخی ریکارڈ کو مٹانے کا عمل ہے۔ یوٹیوب کی اس کارروائی کی جڑیں امریکی حکومتی دباؤ میں پیوست ہیں۔ ''دی انٹرسیپٹ'' کی رپورٹ کے مطابق، یہ فیصلہ ایک منظم مہم کے تحت کیا گیا جس کا مقصد فلسطینیوں کے خلاف جنگی جرائم کے احتساب کی کوششوں کو کچلنا تھا۔ یہ سارا معاملہ اس وقت شروع ہوا جب یہ تینوں تنظیمیں عالمی فوجداری عدالت (ICC) کے ساتھ تعاون کر رہی تھیں۔ ٹرمپ انتظامیہ نے اس پر ردعمل دیتے ہوئے ان تنظیموں پر خصوصی پابندیاں عائد کر دیں۔ یوٹیوب نے ان پابندیوں کو اپنی پالیسی کا حصہ قرار دیا اور اکاؤنٹس بند کر دیے۔ یوٹیوب نے خود اس بات کی تصدیق کی کہ وہ امریکی محکمہ خارجہ کی پابندیوں کی تعمیل کیلیے پابند ہے۔ یہ عمل واضح کرتا ہے کہ یوٹیوب نے اخلاقی اصولوں پر سیاسی اور تجارتی مفادات کو ترجیح دی۔ ڈان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر سارہ لیا وٹسن نے کہا کہ یوٹیوب کا اس طرح آسانی سے جھک جانا افسوسناک ہے اور یہ عالمی سطح پر انسانی حقوق کی تحریکوں کیلیے ایک بڑا دھچکا ہے۔ اسی طرح الضمیر (Addameer) قیدیوں کی حقوق کی تنظیم کا اکاؤنٹ بھی برطانوی لابی (IsraelforLawyersUK) کے کہنے پر بند کیا گیا تھا، جو دباؤ کی وسعت کو ظاہر کرتا ہے۔ مسبار (Misbar) کی ادارتی ٹیم نے اس معاملے پر گہرا تجزیہ کرتے ہوئے ثابت کیا کہ یوٹیوب برابری کا سلوک نہیں کر رہا۔ مسبار نے نشاندہی کی کہ یوٹیوب نے ایک طرف فلسطینیوں کے شواہد پر مبنی مواد کو ہٹایا، لیکن دوسری طرف اسرائیلی پروپیگنڈا کو پلیٹ فارم پر کھلی چھوٹ دی۔ مثال کے طور پر، یوٹیوب نے اسرائیلی وزارت خارجہ کے ایسے نفرت انگیز اشتہارات اور مواد کو نہیں روکا جو جنگ کی حمایت کرتے تھے اور فلسطینیوں کے خلاف غصہ اور تشدد کو بڑھاوا دیتے تھے۔ یہ ایک دہرے معیار کی واضح مثال ہے۔ یوٹیوب نے اسرائیل پر تنقید کرنے والے مواد بنانے والوں پر سخت پابندیاں لگائیں، جیسے ان کی ویڈیوز سے کمائی بند کر دی گئی، تاکہ وہ مالی دباؤ میں آ کر سچ بولنا چھوڑ دیں۔ یہاں تک کہ یوٹیوب کے اپنے ملازمین نے بھی اندرونی طور پر اس ناانصافی پر اعتراض کیا تھا۔ انہوں نے ایک اسرائیلی ریپ گانے کا حوالہ دیا جس میں فلسطینیوں کے خلاف واضح اکساہٹ تھی، مگر کمپنی نے اسے نہیں ہٹایا۔ یہ سب ثابت کرتا ہے کہ یوٹیوب کا مقصد کمیونٹی گائیڈ لائنز پر عمل کرنا نہیں، بلکہ طاقتور فریق کے ایجنڈے کو فروغ دینا ہے۔ یوٹیوب کی اس کارروائی کے نتائج انتہائی خوفناک اور طویل مدتی ہوں گے۔ یہ صرف ایک پلیٹ فارم کا مسئلہ نہیں، بلکہ یہ عالمی ڈیجیٹل نظام کے زوال کا اشارہ ہے۔ احتساب کا قتل: ان شہوتوں کے مٹ جانے سے، جنگی جرائم کے ملزمان کو سزا دلوانا ناممکن ہو جائے گا۔ فلسطینی سینٹر برائے انسانی حقوق نے کہا تھا کہ یوٹیوب کا یہ فیصلہ ''مجرموں کو احتساب سے تحفظ'' فراہم کرتا ہے۔ جب عالمی عدالتوں کے پاس ثبوت ہی نہیں ہوں گے، تو عالمی قوانین بے معنی ہو جائیں گے۔ سچ کی موت اور خود سنسر شپ: جب حقوق کی تنظیموں اور صحافیوں کا مواد بھی محفوظ نہیں رہے گا، تو عام شہری اور کارکن خوفزدہ ہو کر سچ بولنا چھوڑ دیں گے۔ انہیں ڈر ہوگا کہ ان کی محنت ضائع ہو جائے گی اور ان کے اکاؤنٹس بند ہو جائیں گے۔ یہ رجحان خود سنسر شپ (Censorship-Self) کی ایک لہر پیدا کرے گا، جس سے صرف طاقتوروں کا جھوٹا بیانیہ عالمی سطح پر غالب آ جائے گا۔ ہماری آئندہ نسلیں صرف ایک ہی سچ کو تاریخ مانیں گی۔ ٹیکنالوجی پر کنٹرول: یہ عمل ثابت کرتا ہے کہ بڑی ٹیکنالوجی کمپنیاں حکومتوں کے سامنے جھکنے پر تیار ہیں۔ یوٹیوب کی پیرنٹ کمپنی گوگل نے ایک فلسطینی حامی طالب علم کی ذاتی جی میل کی معلومات امریکی امیگریشن ایجنسی (ICE) کو فراہم کی تھیں۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ ہمارا نجی ڈیٹا بھی محفوظ نہیں۔ حکومتیں اب ٹیک کمپنیوں کو استعمال کر کے نہ صرف مواد ہٹا رہی ہیں بلکہ شہریوں کی نگرانی بھی کر رہی ہیں۔ عالمی نظیر کا خطرہ: سارہ لیا وِٹسن نے خبردار کیا کہ یہ اقدام ایک خطرناک نظیر ہے۔ آج اگر یوٹیوب امریکی دباؤ پر جھکتا ہے، تو کل اسے چین، روس، یا کسی بھی دوسرے ملک کے دباؤ پر اس کے مفادات کے خلاف اٹھنے والی آواز کو دبانا پڑے گا۔ یہ ٹیکنالوجی کے ذریعے آمریت (Digital Dictatorship) کو عالمی سطح پر مضبوط کرے گا۔

10 برس سے گمشدہ بلی مالکان کو مل گئی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں دس برس قبل گمشدہ ہونے والی ایک بلی کو ایک مائیکرو چپ نے اس کے خاندان سے ملوا دیا۔ امریکی ریاست نیو جرسی میں قائم ماؤنٹ کلیئر ٹاؤن شپ سے یہ بات سامنے آئی کہ بلی پوری ایک دہائی سے گمشدہ ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا گیا کہ دس برس قبل ایک خاندان نے شیلٹر سے دو بلی کے بچے لیے تھے اور کچھ ہی دن بعد ایک بچہ کھڑکی

سے نکل گیا اور غائب ہو گیا۔ خاندان نے اس کو ڈھونڈنے کی بہت کوشش کی لیکن ناکام رہے۔ شیلٹر نے بلی کے اپنے خاندان سے مل جانے کے پُرمسرت موقع کی تصویر شیئر کی۔

انیمل شیلٹر نے سوشل میڈیا پر ایک بیان میں کہا کہ آوارہ گھومنے والی اس بلی کو شیلٹر لایا گیا اور اس کی مائیکرو چپ اسکین کی گئی۔ مائیکرو چپ اسکین کرنے سے اس کے مالکان سے متعلق علم ہوا جن

12 ہزار سال قدیم خاتون اور ہنس کا مجسمہ دریافت

بیت المقدس (مانیٹرنگ ڈیسک) سائنس دانوں نے 12 ہزار برس قدیم ایک خاتون اور ہنس کا مجسمہ دریافت کیا ہے جو کہ دنیا کا سب سے پرانا انسان اور جانور کا مجسمہ ہے۔ مٹی سے

بنا گیا یہ مجسمہ قبل از تاریخ گاؤس ناطوفین سے دریافت ہوا جو کہ کبھی آج کے مقبوضہ فلسطین، شام اور اردن میں واقع تھا۔ دو انچ کا یہ مجسمہ ایک خاتون کا ہے جو کمر پر ایک ہنس لادی ہوئی ہے اور یہ ہنس شکار کیا ہوا نہیں بلکہ زندہ ہے۔ ناطوفین ثقافت میں ہنس انتہائی اہم سمجھے جاتے تھے۔ ان سے غذا، ہڈیاں، پر اور کام کی ہر چیز حاصل کی جاتی تھی۔ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ناطوفیان کا ماننا تھا کہ انسان اور جانور روحانی طور پر ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، اور ہنس اور عورت کا منظر شاید اسی باہمی روحانی تعلق کی علامت ہو۔

سونے سے بنا فعال ٹوائلٹ 1 کروڑ 20 لاکھ ڈالر میں نیلام

روم (مانیٹرنگ ڈیسک) اٹالین آرٹسٹ موریزیو کیٹیلن کا 18 قیراط سونے سے بنا فعال ٹوائلٹ اسٹیچر 'امریکا' نے منگل کی شام سوتھ بیز کے آکشن میں 1 کروڑ 20 لاکھ ڈالر میں نیلام کر دیا گیا۔ سوتھ بیز

ٹوائلٹ کیٹیلن کی بنائے ہوئے تین اسٹیچرز میں سے ایک ہے۔ سوتھ بیز کے یوٹیوب پیج پر بتایا گیا کہ یہ طلائی ٹوائلٹ سب سے پہلے گوگہا نیم میوزیم میں نمائش کے لیے پیش کیا گیا تھا، جہاں ایک لاکھ سے زائد افراد نے آرٹ کی تاریخ کے سب سے زیادہ پُرتعیش ٹوائلٹ کے لیے لائن لگائی تھی۔ بعد ازاں 2019 میں اس کا ایک ورژن بلیئم پیلس سے چوری ہو گیا تھا۔ موجودہ ٹوائلٹ اس اسٹیچر کا واحد باقی رہ جانے والا ورژن ہے۔ اس ٹوائلٹ کو رہپلر بلیوات اورنٹ! نے خریدا۔

یوٹیوب چینل کے مطابق 101 کلوگرام وزنی یہ ٹوائلٹ پہلی بار 2016 میں بنایا اور اس ماہ بروز بلڈنگ میں نصب کیا گیا تھا، جہاں نیلامی سے پہلے شرکاء کے لیے اس کو نمائش کے لیے پیش کیا گیا تھا۔ سوتھ بیز کی ویب سائٹ کے مطابق یہ سنہری

دنیا کی مہنگی ترین کامک بک: سپر مین نمبر 1 لاکھوں ڈالر میں فروخت

کیلیفورنیا (مانیٹرنگ ڈیسک) 1939 میں شائع ہونے والی کامک بک سپر مین نمبر 1 ریکارڈ رقم میں فروخت ہو کر دنیا کی مہنگی ترین کامک بک بن گئی۔ کامک بک کا شمارہ 91 لاکھ 20 ہزار ڈالر میں

نیلام کیا گیا۔ اس سے قبل یہ اعزاز 2024 میں ایکشن کامکس نمبر 1 کے پاس تھا، جو 60 لاکھ ڈالر میں فروخت ہوئی تھی۔ ہیریٹیج آکشنز کے مطابق یہ نادر کامک ایک شمالی کیلیفورنیا کے خاندان کو اپنی آنجہانی والدہ کے گھر کی اٹاری صاف کرتے ہوئے ملی جو کارڈ بورڈ ڈبے میں پرانے اخبارات کے ساتھ رکھی ہوئی تھی۔ یہ شمارہ جب دنیا کی سب سے بڑی تھرڈ پارٹی گریڈنگ سروس CGC کے پاس بھیجا گیا تو اسے 10 میں 9 کا حیران کن گریڈ دیا گیا۔ یہ سپر مین نمبر 1 کا اب تک کا بہترین حالت میں موجود نسخہ ہے۔ یہ نسخہ 6.0 یا اس سے اوپر گریڈ والے سات شماروں میں سے ایک ہے۔ اس شاندار گریڈنگ اور نایاب حالت نے اسے جمعرات کو ہونے والی نیلامی میں ریکارڈ قیمت پر فروخت ہونے والی دنیا کی مہنگی ترین کامک بک بنا دیا۔

نئی دہلی کی وزیراعلیٰ پر حملہ کیوں کیا؟ ملزم نے حیران کن وجہ بتا دی

نیو دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کے دارالحکومت نئی دہلی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا پر حملہ کرنے والے ملزم نے انوکھی وجہ بیان کر دی۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق وزیراعلیٰ نئی دہلی

ریکھا گپتا پر حملہ کرنے والے ملزم راجیش سنجی نے پولیس کو بیان میں دعویٰ کیا کہ انہوں نے خواب دیکھا، جس میں ایک کتا بھگوان کی مورتی کے برابر میں بیٹھا ہوا تھا اور کہا کہ دہلی میں موجود کتے پریشانی کا شکار ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ تس ہزار کی سیشن عدالت میں ایڈیشنل سیشن جج ایکتا گوبا من اس کیس کی سماعت 22 نومبر کو کریں گے جہاں پولیس نے ملزم کی چارج شیٹ جمع کرا دی ہے۔ چارج شیٹ میں کہا گیا ہے کہ ملزم راجیش سنجی نے فیس بک میں کئی ویڈیوز دیکھیں جہاں لوگ احتجاج کر رہے تھے اور وہ آوارہ کتوں سے متعلق مسائل کا الزام وزیراعلیٰ ریکھا گپتا پر عائد کر رہے تھے۔ پولیس نے انکشاف کیا کہ راجیش سنجی نے رواں برس مئی میں بندروں کے مسئلے پر ایودھیا میں بھوک ہڑتال بھی کی تھی اور دہلی پولیس نے 18 اکتوبر 2025 کو 400 صفحات پر مشتمل چارج شیٹ جمع کرا دی تھی۔

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	282.50 PKR	282.70 PKR
Euro	EUR	331.65 PKR	335.15 PKR
British Pound	GBP	380.95 PKR	383.95 PKR
UAE Dirham	AED	76.80 PKR	77.80 PKR
Saudi Riyal	SAR	75.55 PKR	76.20 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	913.40 PKR	922.40 PKR
Canadian Dollar	CAD	205.40 PKR	212.40 PKR
Australian Dollar	AUD	185.35 PKR	190.35 PKR
Omani Riyal	OMR	731.25 PKR	738.75 PKR
Japanese Yen	JPY	1.88 PKR	1.98 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	66.25 PKR	66.85 PKR
Qatari Riyal	QAR	76.90 PKR	77.60 PKR
Bahrain Dinar	BHD	746.60 PKR	754.10 PKR
Thai Bhat	THB	8.45 PKR	8.60 PKR
Chinese Yuan	CNY	39.30 PKR	39.70 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	36.20 PKR	36.55 PKR
Danish Krone	DKK	43.60 PKR	44.00 PKR
New Zealand Dollar	NZD	160.30 PKR	162.30 PKR
Singapore Dollar	SGD	216.85 PKR	221.60 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.82 PKR	28.12 PKR
Swedish Krona	SEK	29.69 PKR	29.99 PKR
Swiss Franc	CHF	352.54 PKR	355.29 PKR

مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 441,700	Rs. 378,690
22k	Rs. 404,884	Rs. 347,130
21k	Rs. 386,484	Rs. 331,355
20k	Rs. 368,174	Rs. 315,657
18k	Rs. 331,271	Rs. 284,018
14k	Rs. 257,665	Rs. 220,911
12k	Rs. 257,665	Rs. 189,345

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Karachi	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Lahore	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Islamabad	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Rawalpindi	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Peshawar	Rs. 4,397	Rs. 5,124

پاکستان میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 194 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 194 /Kg

پاکستان پیٹرول کے نرخ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 263.02 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 275.42 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 159.76 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 176.81 /Ltr

PSX INDEX

KSE 100	KEL 5.62 ⌄ -0.46 BOP 37.0 ⌄ -2.21 PIBTL 15.61 ⌄ -0.19 SEARL 112.06 ^ 2.12
KSE ALL SHARE	KEL 5.62 ⌄ -0.46 WTL 1.96 ⌄ -0.13 FCSC 9.0 ⌄ -0.03 BOP 37.0 ⌄ -2.21 TELE 12.6 ⌄
KSE 30	No Data Found. ⌄
KMI30	No Data Found. ⌄
ALL SHARE ISLAMIC	KEL 5.62 ⌄ -0.46 TELE 12.6 ⌄ -0.66 TREET 32.31 ⌄ -1.37 PIBTL 15.61 ⌄ -0.19 SEARL
BATI	BOP 37.0 ⌄ -2.21 BAFL 106.63 ⌄ -3.27 NBP 204.99 ⌄ -4.47 BAHL 188.51 ⌄ -6.32
OGTI	PPL 195.09 ^ 0.62 OGDC 264.27 ⌄ -2.05 MARI 738.64 ⌄ -0.79

ملیشیا میں 16 سال سے کم عمر افراد پر سوشل میڈیا استعمال کرنے پر پابندی

جکارتہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ملیشیا کی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ اگلے سال 2026 سے 16 سال سے کم عمر افراد کو سوشل میڈیا اکاؤنٹ بنانے پر پابندی ہوگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کمیونیکیشن منسٹر واتوک فہمی فاضل نے کہا ہے کہ 16 سال سے کم عمر افراد کو اگلے سال سے نئے سوشل میڈیا اکاؤنٹس بنانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ اس کے لیے تمام پلیٹ فارمز پر KYC-e سسٹم لاگو کیا جائے گا، یعنی رجسٹریشن کے دوران شناختی دستاویزات جیسے MyKad، پاسپورٹ یا ڈیجیٹل آئی ڈی کی بنیاد پر عمر کی تصدیق ہوگی۔ کابینہ یہ فیصلہ اس وجہ سے کرنے جا رہی ہے کہ آن لائن پلیٹ فارمز پر کم عمر بچوں کے لیے نقصان دہ مواد، سائبر بلنگ اور دوسری خطرناک صورتِ حال بڑھ رہی ہیں۔ فہمی فاضل کے مطابق یہ اقدام آن لائن سیفٹی ایکٹ کے دائرے میں ہے جو 1 جنوری 2026 کو نافذ ہوگا۔ کچھ ماہرین کہتے ہیں کہ یہ پابندی ''ضرورت مند قدم'' ہے تاکہ بچوں کو آن لائن نقصان دہ اثرات سے بچایا جائے۔

فیس بک گروپس میں صارفین کیلئے نیا فیچر متعارف

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹیکنالوجی کمپنی میٹا نے فیس بک گروپس کے لیے ایک نیا فیچر متعارف کرایا ہے جس سے صارفین کو اپنی شناخت چھپانے یا حقیقی نام کے بجائے اپنی مرضی کا نک نیم اور اوتار استعمال کرنے کا موقع ملے گا۔ اس نئے فیچر کے تحت، گروپ کے ارکان اب اپنی پوسٹس کو کسی بھی مخصوص نک نیم کے ساتھ شیئر کر سکتے ہیں، بشرطیکہ فیچر گروپ کے ایڈمن کی اجازت سے فعال ہوں۔ میٹا کا کہنا ہے کہ اس فیچر کو فعال کرنے کے لیے گروپ ایڈمنز کو اس کی اجازت دینی پڑے گی، اور بعض صورتوں میں انفرادی منظوری بھی درکار ہو گی۔ ایک بار اجازت مل جانے کے بعد، صارفین اپنے حقیقی نام یا نک نیم کے درمیان آزادانہ طور پر سوئچ کر سکیں گے۔ اس کے علاوہ، نک نیم کو میٹا کے کمیونٹی اسٹینڈرڈز اور ٹرمز آف سروس کے مطابق ہونا ضروری ہے۔ نیا نک نیم منتخب کرتے وقت صارفین کو ایک خاص قسم کے اوتار کا بھی انتخاب کرنے کا موقع ملے گا، جس میں زیادہ تر ایسے تصاویر ہوں گی جن میں جانوروں کو چشمے پہنے ہوئے دکھایا جائے گا۔

امریکا: چھ ماہ میں دوسری بار لاکھوں ڈالر جیتنے والا جوڑا

اوشکین کاؤنٹی (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں شادی شدہ جوڑے پر قسمت کی دیوی مہربان ہوگئی۔ جوڑے نے چھ مہینوں میں دوسری بار کروڑوں مالیت کی لاٹری جیت لی۔ امریکی ریاست نیو جرسی کی اوشین کاؤنٹی سے تعلق رکھنے والے جوڑے نے 30 لاکھ ڈالر (8 کروڑ 46 لاکھ پاکستانی روپے) کا جیک پاٹ جیتا۔ شوہر (شناخت نہیں بتائی گئی) کا کہنا تھا کہ مہینے کے شروع میں انہوں نے کچھ ٹکٹ خریدے تھے۔ جب انہیں اسکریچ کیا تو ایسا لگا کہ اتنے کے انعام نظیں گے جتنے کے ٹکٹ خریدے تھے۔ شوہر نے کہا کہ ٹکٹ کو اپنی اہلیہ کو دینے سے پہلے اسکریچ کرتے ہوئے انہیں احساس ہوا کہ وہ بڑا انعام جیتنے والے ہیں۔ اہلیہ نے

بتایا کہ انہوں نے ٹکٹ کو دیکھا سینے لگایا اور زور سے چلائیں۔ واضح رہے خوش قسمت جوڑا چھ ماہ پہلے بھی 10 لاکھ ڈالر (2 کروڑ 80 لاکھ پاکستانی روپے) کی خطیر رقم لاٹری میں جیت چکا ہے۔

امریکا: دنیا کا سب سے بڑا ایفروہیئر اسٹائل رکھنے والی خاتون

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کی ایک خاتون نے سب سے بڑے ایفروہیئر اسٹائل رکھنے کا اعزاز اپنے نام کر لیا۔ اس اعزاز کے لیے ان کو تاج اس سے قبل یہ ریکارڈ رکھنے والی خاتون نے

پہنایا۔ 2010 میں خواتین کی کیٹگری میں یہ ریکارڈ حاصل کرنے والی ایون ڈوگس نیویارک کے ایک ہیئر سلون پہنچی اور باقاعدہ نیا ریکارڈ بنانے والی خاتون جیسیکا ایل مارٹینیز کو تاج پہنایا۔ جیسیکا کے گھنگریالے بال 11.42 انچ بلند اور 12.2 انچ پھیلے ہوئے جبکہ بالوں کا مجموعی گھیر 6 فٹ اور 2.87 انچ ہے۔ اس موقع پر ایون کا کہنا تھا کہ 15 سال تک یہ ریکارڈ رکھنے کے بعد بالآخر اس کی منتقلی پر فخر محسوس کر رہی ہیں۔ جیسیکا کا کہنا تھا کہ وہ مڈل اسکول تک اپنے بالوں کو سیدھا کر لیا کرتی تھیں۔

بقیہ 1 تجارت نیوز

بیورو (نیب) کی جانب سے صرف 2 برس میں 5300 ارب روپے کی ریکوریز اس کے حجم کا اہم اشارہ ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ یہ ریکوریز بدعنوانی کے مجموعی معاشی اثرات کا صرف ایک پہلو ہیں۔ وزارتِ خزانہ نے یہ رپورٹ تین ماہ کی تاخیر کے بعد ا?ئی ایم ایف کی شرط پر جاری کی ہے تاکہ ایگزیکٹو بورڈ کے آئندہ اجلاس میں 1.2 ارب ڈالرز کی دو قسطوں کی منظوری دی جاسکے۔ آئی ایم ایف نے پیشگوئی کی ہے کہ جامع گورننس اصلاحات کے نفاذ سے پاکستان کی معیشت آئندہ پانچ سال میں 5 سے 6.5 فیصد تک اضافی جی ڈی پی حاصل کرسکتی ہے۔ رپورٹ میں بانی پاکستان محمد علی جناح کے 1947 کے خطاب کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا کہ آج 70 برس بعد بھی بدعنوانی ملک کی معاشی و سماجی ترقی کی سب سے بڑی رکاوٹ بنی ہوئی ہے، جو سرکاری رقوم کا ضیاع، مارکیٹ بگاڑ، غیر منصفانہ مسابقت، عوامی اعتماد میں کمی اور سرمایہ کاری میں رکاوٹ کا باعث ہے۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا کہ شہری عام طور پر سرکاری خدمات کے حصول کیلیے رشوت دینے پر مجبور ہوتے ہیں جبکہ پالیسی سازی پر سیاسی و معاشی اشرافیہ کا گہرا اثر ہے، جو سرکاری طاقت کو ذاتی مفاد کیلیے استعمال کرتی ہے، عدلیہ کی کمزوریاں اور احتسابی اداروں کی غیر موثریت بھی بدعنوانی کو فروغ دیتے ہیں۔ ا?ئی ایم ایف نے 2019 میں پی ٹی آئی دور حکومت کے دوران چینی کی برآمد کی اجازت کو اس بات کی مثال قرار دیا کہ کس طرح باا ثر کاروباری ادارے اور سرکاری عہدیدار پالیسیوں کو اپنے فائدے کیلیے موڑ لیتے ہیں۔ تحقیقاتی رپورٹوں کے مطابق شوگر مل مالکان نے ذخیرہ اندوزی، قیمتوں میں مصنوعی اضافہ اور جعلی اکاؤنٹس کے ذریعے منی لانڈرنگ جیسے اقدامات سے اربوں کمائے، جبکہ عوام قیمتوں کے بحران کا شکار ہوئے اور ٹھوس شواہد کے باوجود مؤثر احتساب نہیں ہوا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ عوام عدلیہ کو ملک کے سب سے زیادہ بدعنوان اداروں میں شمار کرتے ہیں، اور عدالتی نظام میں عدم شفافیت، کمزور کارکردگی اور نااہلی انصاف کی فراہمی کو متاثر کرتی ہے۔ ا?ئی ایم ایف نے تجویز کیا کہ عدالتی افسران کی کارکردگی اور اخلاقی معیار کی نگرانی کا نظام مضبوط بنایا جائے۔ رپورٹ میں ججوں کی تقرری کے طریقہ کار میں حالیہ تبدیلیوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا کہ اگر شفاف اصول نہ بنائے گئے تو عدلیہ کی آزادی پر خدشات بڑھ سکتے ہیں، ججوں کی تقرری کیلیے واضح، شفاف اور میرٹ پر مبنی معیار وضع کیا جائے۔ ا?ئی ایم ایف نے کہا کہ ٹیکس نظام کی پیچیدگی، سرکاری اخراجات و مالیاتی انتظام میں کمزوریاں، پبلک پروکیورمنٹ اور ریاستی اداروں کی نگرانی کا فقدان ملک میں بدعنوانی کے بڑے محرکات ہیں۔ رپورٹ کے مطابق بدعنوانی نہ صرف عوامی خدمات کو متاثر کرتی ہے، بلکہ معاشی ترقی، سرمایہ کاری اور قومی وسائل کے مو?ثر استعمال میں بھی رکاوٹ بنتی ہے۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

اکنامک زونز میں سرمایہ کاروں کے لیے ٹیکس مراعات پر بھی روشنی ڈالی۔ بیان کے مطابق ترکیہ کے قونصل جنرل نے سندھ میں خصوصاً کراچی ایجوکیشن سٹی میں سرمایہ کاری میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ معاونِ خصوصی نے ترکیہ کے وفد کو ضلع خیرپور میں کھجور کی پیداوار سے آگاہ کرتے ہوئے کھجور کے شعبے میں سرمایہ کاری کے امکانات سے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت حیدرآباد میں ایک اسپیشل اکنامک زون کے قیام کے لیے پرعزم ہے اور موٹر سائیکل و الیکٹرانک آلات بنانے والی کمپنیاں وہاں اپنے یونٹس قائم کرنے میں خصوصی دلچسپی لے رہی ہیں۔ معاونِ خصوصی نے اسپیشل اکنامک زونز میں سرمایہ کاری کے لیے ٹیکس چھوٹ اور دیگر مراعات کا بھی ذکر کیا۔ دریں اثناء سیکریٹری انویسٹمنٹ سندھ راجہ خرم شہزاد نے ترکیہ کے وفد کو صوبے میں موجود معدنی ذخائر، سرمایہ کاری کے لیے دستیاب شعبوں اور جاری منصوبوں سے آگاہ کیا۔

بقیہ 3 تجارت نیوز

صنعتی حکام اور تجزیہ کاروں کے مطابق آمدنی میں کمی کی بنیادی وجوہات بڑھتے ہوئے آپریشنل اخراجات، بھاری ٹیکس اور صارفین کی کمزور قوت خرید ہیں۔ ذرائع کے مطابق مثبت معاشی اشاروں کے باوجود اس صنعت نے ریونیو میں شدید کمی کی آئی جبکہ مالی سال 25 میں ٹیلی کام کی قومی خزانے میں شراکت بڑھ کر 271 ارب روپے ہوگئی۔ مالی سال 24 میں یہ رقم 195.1 ارب روپے تھی۔ تاہم صارفین کی تعداد اور بنیادی ڈھانچہ تقریباً مشینی انداز میں بڑھتے جارہے ہیں۔ ٹیلی کام صارفین کی مجموعی تعداد 200.02 ملین تک پہنچ گئی، براڈبینڈ کی رسائی 60.8 فیصد ہوئی، اور سیل سائٹس کی تعداد 58,423 تک بڑھ گئی۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

کے مواقع کا براہ راست تعلق صنعتی ترقی سے ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ حکومت صنعتی ترقی کو دوبارہ شروع کرنے کے لیے ضوابط کو آسان بنانے، سرکاری رکاوٹوں کو کم کرنے اور سب سے اہم، غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کو ترجیح دے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا نجی شعبہ ملکی معاشی بحرانوں سے نکلنے میں مرکزی کردار ادا کرتا رہا ہے اور ملک کی صنعتی حکمتِ عملی کے مستقبل کی تشکیل کے لیے اس کا تجربہ اور خدمات ناگزیر ہیں۔ اجلاس میں صنعتی ترقی کو ازسرِنو فعال بنانے کے لیے متعدد تجاویز پیش کی گئیں، جن میں فرسودہ انفرااسٹرکچر کی جدید کاری، صنعتی عمل میں بہتری اور خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں پاکستان کی مسابقت بڑھانے پر خاص زور دیا گیا۔ شہباز شریف نے ہدایت کی کہ ان تجاویز کو وسیع تر قومی پالیسی فریم ورک میں شامل کیا جائے اور ان پر جامع جائزہ لیا جائے تاکہ ان پر بروقت اور مؤثر عمل درآمد یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کے فضل و کرم سے ملک کی معاشی سمت بہتر ہو رہی ہے، تاہم فوراً ہی یہ بھی اضافہ کیا کہ ترقی کے لیے ہمیں مسلسل محنت جاری رکھنی ہوگی۔ اجلاس میں شریک صنعتکاروں نے بھی وزیراعظم کے مؤقف کی تائید کی اور اس بات پر زور دیا کہ اگر ملک کے صنعتی ڈھانچے کو ترقی دینی ہے تو حکومتی پالیسیوں میں تسلسل اور وضاحت یقینی بنانا ضروری ہے۔ اپنی گفتگو کے اختتام پر وزیر اعظم نے عوامی اور نجی دونوں شعبوں پر زور دیا کہ ملک کی صنعتی صلاحیت کو حقیقت میں بدلنے کے لیے باہمی تعاون کو مضبوط بنایا جائے۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

سے خطاب میں کیا۔ بانڈ، برٹش ایشین ٹرسٹ کے تعاون سے تیار کیا گیا ہے اور نیشنل وہیکلر ٹریننگ اینڈ ووکیشنل ٹریننگ کمیشن کے ذریعے نافذ کیا جائے گا۔ اس کا مقصد روایتی فنڈنگ چینلز کی بجائے سرمایہ مارکیٹ کے آلات کے ذریعے سماجی شعبے میں پائیدار مالی معاونت کو فروغ دینا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ کارپوریٹ فیلان تھراپی کو موجودہ 25 ارب روپے سے دگنا کیا جاسکتا ہے اگر بہترین

طریقے اپنائے جائیں۔ انہوں نے اس انسانی خدمت کے اقدام کے لیے ترغیبات اور معاونت کی یقین دہانی بھی کرائی۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان کی ''اخلاقی معیشت'' میں ہمدردی، مشترکہ خوشحالی اور قومی ذمہ داری مرکزی حیثیت رکھتی ہے، اور فیلان تھراپی قومی شناخت کا ایک اہم جزو ہے۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ وہ اکثر اقتصادی بحالی، میکرو اکنامک استحکام اور ساختی اصلاحات کے حوالے سے سوالات کا سامنا کرتے ہیں، لیکن سماجی بھلائی کی روح کی حوصلہ افزائی کرنے والی تقریبات میں شرکت بھی اتنی ہی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی سطح پر سخاوت میں نمایاں مقام رکھتا ہے اور ورلڈ گیونگ انڈیکس میں 101 ممالک میں 17 ویں نمبر پر ہے۔ محمد اورنگزیب نے کراچی کے طویل عرصے سے فیلان تھراپی میں قیادت کے کردار کو بھی سراہا اور کہا کہ اگر عالمی سطح پر شہر وار موازنہ کیا جائے تو کراچی کے نمایاں مقام کا اندازہ ہوگا۔ انہوں نے کارپوریٹ فیلان تھراپی کی مسلسل ترقی کی بھی تعریف کی، اور بتایا کہ 400 سے زائد عوامی فہرست شدہ کمپنیوں میں سے 300 سے زائد سی ایس آر سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

ذرائع تھے، تجارتی بندش کا یہ فیصلہ قومی سلامتی، معاشی بقا اور ریاستی رٹ کے لیے نہایت اہم اور دوررس ثابت ہوگا۔ افغانستان تجارتی بندش سے معاشی، سماجی اور ریاستی طور پر سب سے زیادہ نقصان میں ہے، افغانستان کی 70 سے 80 فیصد تجارت پاکستان کی سڑکوں اور بندرگاہوں پر منحصر ہے، افغانستان میں سامان کراچی کے راستے 3 سے 4 دن میں پہنچتا ہے جبکہ ایران کے راستے سے 6 سے 8 دن میں پہنچے گا اور وسطی ایشیائی ممالک کے راستے تجارتی سامان کو افغانستان کیلیے 30 دن سے بھی زیادہ لگ جائیں گے۔ افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے نام پر اسمگلنگ کا سامان پاکستان میں داخل ہوتا رہا، حقائق کے مطابق پاکستان کو ہر سال 3.4 کھرب روپے کا نقصان اسمگلنگ سے ہوتا تھا، افغان ٹرانزٹ سے تقریباً 1 کھرب روپے کا سامان واپس آ جاتا تھا، جو اضافی نقصان کا سبب بنتا تھا، طورخم کی بندش سے ایک ماہ میں افغانستان کو 45 ملین ڈالر کا نقصان ہوا چند ہفتوں میں افغانستان کیلیے تمام سرحدوں کا مجموعی نقصان 200 ملین ڈالر سے تجاوز کر گیا۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

سے نئی قیمت 4 لاکھ 28 ہزار 862 روپے کی سطح پر آ گئی۔ اسی طرح ملک میں فی 10 گرام سونے کی قیمت ایک ہزار 972 روپے بڑھ کر 3 لاکھ 67 ہزار 680 روپے کی سطح پر آ گئی۔

بقیہ 8 تجارت نیوز

جوہری مسلح ہمسایہ ممالک کے درمیان سب سے شدید ٹکراؤ تھا، بھارتی زیر قبضہ غیر قانونی کشمیر میں سیاحوں پر حملے کے بعد بھڑکا، جس کا الزام نئی دہلی نے بلاثبوت پاکستان پر لگایا۔ اسلام آباد نے اس الزام کو مسترد کرتے ہوئے بھارت کے بیان کو ''مکمل جھوٹ وفریب سے بھرپور'' قرار دیا۔ اس کے بعد بھارت نے پاکستان میں فضائی حملے کیے، جس کے نتیجے میں چار روزہ شدید سرحدی کشیدگی شروع ہوئی، جس میں کم از کم 70 افراد ہلاک ہوئے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان نے بھارتی میزائل حملوں کے جواب میں چھ بھارتی لڑاکا طیارے مار گرائے۔ اسلام آباد نے اس تصادم کے دوران اپنے کسی بھی طیارے کے نقصان کی تردید کی۔ دونوں ممالک نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ثالثی میں فائر بندی پر اتفاق کیا، جن کا کہنا تھا کہ اس کشیدگی کے دوران سات ''نئے اور خوبصورت طیارے'' مار گرائے گئے۔ رپورٹ کے مطابق، چین کی پیپلز لبریشن آرمی (پی ایل اے) کے لڑاکا طیارے اور فضائی میزائل پہلی بار عملی جنگ میں استعمال ہوئے جب پاکستانی افواج نے چار روزہ تنازع کے دوران چینی ساختہ لڑاکا طیارے کامیابی کے ساتھ اڑائے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ''یہ ان نظاموں کے حقیقی جنگ میں استعمال کی پہلی معروف مثال ہے، جو پی ایل اے کے لیے قیمتی معلومات فراہم کرتی ہے اور ممکنہ طور پر چین کی دفاعی برآمدات کی ساکھ کو مضبوط بناتی ہے۔'' رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ پاکستان کے سب سے بڑے دفاعی ہتھیار فراہم کنندہ کے طور پر، چین نے 2019 سے 2023 کے دوران تقریباً 82 فیصد ہتھیار کی درآمدات فراہم کی ہیں۔

بقیہ 9 تجارت نیوز

اسباب، وجوہات اور پس منظر کے حوالے سے تیار کی جانے والی اس اہم ترین رپورٹ کو دیکھنے کے بعد آپ کو اس سوال کا جواب مل جائے گا۔ تجارت نیوز کی جانب سے کی جانے والی خصوصی رپورٹ میں انکشاف ہوا کہ کراچی سمیت سندھ کی معاشی ترقی کو نگلنے والی وجوہات میں سے سب سے پہلے نمبر پر آنے والا توانائی کا بحران سندھ کی صنعت و حرفت کے لیے سب سے مہلک زخم ثابت ہوا اور یہ کہا جاسکتا ہے کہ سندھ کے صنعتی زوال کا سب سے بڑا سبب بے یقین توانائی نظام ہے، گیس پریشر میں کمی، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور بجلی کے نرخوں میں بار بار اضافہ صنعت کاروں کے اعتماد کو کھا گیا، کئی انڈسٹریل اسٹیٹس میں گیس کم پریشر پر چلتی ہے جس نے پیداواری لاگت بڑھا کر فیکٹریوں کو نقصان میں دھکیل دیا۔ دوسرے نمبر پر حکومتی پالیسیوں میں ایک تسلسل نہ ہونا سندھ کی صنعت کے لیے سب سے بڑا دھچکا رہا ہے، کبھی سبسڈی ملتی ہے، کبھی واپس لے لی جاتی ہے اور کبھی صنعتی زونز کے لیے مراعات کا اعلان ہوتا ہے، مگر زمینوں اور NOCs کے مراحل برسوں تک لٹکے رہتے ہیں، فائلیں بیوروکریسی کی ٹیبلوں پر گھومتی رہتی ہیں، سرمایہ کار بھاگتے رہتے ہیں۔ صنعت کار کے لیے بڑا سوال یہی ہوتا ہے ''اگر آگے بڑھنے کی ضمانت ہی نہ ہو تو سرمایہ کہاں لگائیں؟'' تیسری وجہ تباہ حال انفرااسٹرکچر کہ ٹوٹی سڑکیں، بند نالے، کھنڈرات میں بدلتے فیکٹری زونز، سندھ کے بیشتر صنعتی علاقوں کی حالت یہ ہے کہ سڑکیں ٹوٹی ہوئیں نکاسی آب کا نظام ناکارہ، اسٹریٹ لائٹس غائب پانی کی قلت معمول کراچی کی سائٹ ایریا، کورنگی اور لانڈھی سے لے کر حیدر آباد کے صنعتی علاقوں تک حالات یکساں ہیں، جب ٹرک فیکٹری تک پہنچ ہی نہ پائے، اور بارش میں پورا زون ڈوب جائے، تو صنعت کیسے چلے؟ نمبر چار پر جو مسئلہ ہے وہ امن وامان اور بھتہ خوری 2005 سے 2015 تک کراچی اور سندھ کے صنعتی شہروں میں امن وامان کی صورتحال نے صنعت کاروں کو سخت نقصان پہنچایا۔ بھتہ خوری، اغوا برائے تاوان مزدوروں اور مال برداری کے راستوں پر جرائم اس نے سرمایہ کاری کا ماحول ناقابلِ اعتماد بنا دیا، اگرچہ اب حالات نسبتاً بہتر ہیں، لیکن ماضی کے زخم اب تک سرمایہ کار کا اعتماد بحال نہیں کرسکے۔ پانچویں وجہ ہے ٹیکس نظام کی پیچیدگی اور ''متعدد اداروں کی مداخلت'' ایک صنعت کار کو صوبائی اور وفاقی سطح پر درجنوں اداروں کے سامنے پیش ہونا پڑتا ہے۔ جن میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو بورڈ، سندھ ریونیو بورڈ، انوائرمنٹ ڈیپارٹمنٹ لیبر ڈیپارٹمنٹ، ایکسائز، فوڈ اتھارٹیز

سمیت ہر محکمے کا الگ نظام، الگ جرمانے، الگ فیسیں، اور اکثر مقامات پر رشوت اور غیر ضروری مداخلت، سرمایہ کار کیلیے یہ ماحول ترقی نہیں، بھاگنے کی دعوت بن جاتا ہے۔ نمبر 6 پر آنے والا مسئلہ ہے مہنگا خام مال اور کمزور سپلائی چین، امپورٹ ڈیوٹیز، ڈالر کی اونچی قیمت، اور پورٹ کلیئرنس پر تاخیر نے خام مال مہنگا کر دیا۔ بہت سی صنعتیں، خاص طور پر ٹیکسٹائل، فوڈ پروسیسنگ کیمیکل، آٹو پارٹس خام مال درآمد کرتی ہیں۔ جب ایک کنٹینر بندرگاہ پر ہفتوں پھنس جائے اور اخراجات کئی گنا بڑھ جائیں تو پیداواری منصوبہ بندی تباہ ہو جاتی ہے۔ مسئلہ نمبر 7 ہے جدید ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری کی کمی، دنیا آگے بڑھتی رہی مگر سندھ کی بیشتر صنعتوں نے جدید مشینری اور آٹومیشن اپنانے میں تاخیر کی۔ جس کی وجہ مالی معاونت کی کمی بینکو?ں کے بھاری سود حکومتی عدم دلچسپی نتیجہ یہ کہ سندھ کی صنعتیں مقابلے کی دوڑ میں پیچھے رہ گئیں۔ صنعتی تباہی کی آٹھویں وجہ ہے تربیت یافتہ افرادی قوت کی کمی ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر اور ووکیشنل اداروں کی کمزوری نے نئی افرادی قوت کو تربیت سے محروم رکھا، انڈسٹری کو اسکلڈ ورکر نہیں ملتے، مزدوروں کی تربیت و مہارتیں موجودہ جدید دور کے مطابق نہیں ہیں۔ انجینئرنگ گریجویٹس صنعتوں کی ضرورت کے مطابق تیار نہیں جس سے پیداواری معیار اور رفتار دونوں متاثر ہوتے ہیں۔ تجارت نیوز ارباب اختیار کے علم میں لانا چاہتا ہے کہ سندھ کی انڈسٹری مری نہیں، صرف بیمار ہے، توانائی پالیسی میں تسلسل، صنعتی زونز میں انفراسٹرکچر کی بحالی، ون ونڈو آپریشن، سستے قرضے، جدید مشینری، تربیت یافتہ افرادی قوت اور امن و امان کے مضبوط نظام کے ذریعے یہ پہیہ دوبارہ تیز رفتار چل سکتا ہے۔ سوال صرف اتنا ہے کہ حکومت، صنعت کار اور ادارے کب ایک صفحے پر آئیں گے۔ اور اگر یہ ممکن ہوجائے گا سندھ کی انڈسٹری ایک بار پھر ملک کی معاشی ریڑھ کی ہڈی بن سکتی ہے۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیراعظم نے سفارشات کا خیرمقدم کیا اور ہدایت کی کہ انہیں نفاذ کے تفصیلی جائزے کے بعد قومی پالیسی فریم ورک میں شامل کیا جائے۔ اجلاس میں وفاقی وزرا احسن اقبال، جام کمال خان، احد خان چیمہ، علی پرویز ملک، وزیراعظم کے مشیر محمد علی، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، خصوصی معاون ہارون اختر اور صنعتی ورکنگ گروپ میں شامل صنعتکاران ثاقب شیرازی کی قیادت میں شریک تھے۔ اجلاس میں پاکستان کی صنعتی ترقی اور ملک میں سرمایہ کاری بڑھانے کے لیے پالیسی تجاویز پیش کی گئیں۔ اجلاس میں خطے کے دیگر ممالک سے موازنہ بھی پیش کیا گیا تاکہ ملکی صنعت کی مسابقت بڑھائی جاسکے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ملک کی اقتصادی ترقی، روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور آمدنی میں اضافہ صنعتی ترقی کے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ کاروبار کو سہولت فراہم کرنا اور سرمایہ کاری بڑھانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے ان تجاویز کی تعریف کرتے ہوئے ہدایت دی کہ انہیں قومی پالیسی فریم ورک میں شامل کیا جائے، ساتھ ہی معیشت کے دیگر شعبوں سے متعلق سفارشات کو بھی شامل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ان تجاویز کا غور سے مشاہدہ کرنے کے بعد ایک عملی منصوبہ تیار کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کاروباری برادری کی مشکل حالات میں حکومت کی پالیسیوں کی حمایت کی تعریف کی، جس سے ملک کو اقتصادی بحران سے بچانے میں مدد ملی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک کی اقتصادی سمت بہتر ہو رہی ہے اور ترقی کی جانب گامزن ہے، لیکن ملک کی نشوونما کے لیے ہمیں مزید محنت کرنا ہوگی۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

خریدنے پر مجبور کرکے اپنے اثر ورسوخ کا غلط استعمال کر رہے ہیں۔ سی سی پی کے مطابق اس اقدام کا مقصد لاکھوں طلبہ اور ان کے خاندانوں کو غیر منصفانہ اور غیر مسابقتی قیمتوں سے بچانا ہے۔ سی سی پی نے اپنے اعلامیے میں بتایا کہ یہ کارروائی بے شمار والدین، سرپرستوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کی شکایات پر شروع ہونے والی ازخود انکوائری کے بعد کی جارہی ہے۔ شکایات میں من مانی فیسوں میں اضافہ، غیر شفاف فروخت کے طریقہ کار اور لازمی برانڈڈ اسٹیشنری کی خریداری کی پابندی شامل تھیں، جس کے باعث والدین کو مہنگے پیکج خریدنے کے سوا کوئی راستہ نہیں بچتا تھا۔ جن اسکول سسٹمز کو تحقیقات میں شامل کیا گیا ان میں بیکن ہاؤس اسکول سسٹم، دی سٹی اسکول، ہیڈ اسٹارٹ، لاہور گرامر اسکول (ایل جی ایس)، فرابلز، روٹس انٹرنیشنل، روٹس ملینیم، کیپس، الائیڈ اسکولز، سپرنووا، دار ارقم، اسٹیپ اسکول، ویسٹ منسٹر انٹرنیشنل، یونائیٹڈ چارٹر اسکول اور دی اسمارٹ اسکول سمیت دیگر ادارے شامل ہیں۔ یہ نیٹ ورکس ملک بھر میں سینکڑوں کیمپس چلاتے اور لاکھوں طلبہ کو تعلیم فراہم کرتے ہیں، جس سے یہ والدین پر نمایاں اثر رکھتے ہیں۔ انکوائری کے مطابق والدین کو لوگو والے نوٹ بکس، ورک بکس، یونیفارمز اور دیگر لازمی اشیاء صرف اسکول کے منظور شدہ آؤٹ لیٹس سے خریدنے کا پابند بنایا گیا۔ اسی طرح متعدد کیسز میں اسکولوں نے لازمی اسٹڈی پیک آن لائن پورٹل یا مخصوص دکانداروں کے ذریعے فروخت کیے، جبکہ طلبہ کو کھلے بازار سے عام نوٹ بکس یا یونیفارمز لانے کی اجازت نہیں تھی۔ سی سی پی کے مطابق ہر اسکول کے اپنے طلبہ کے لیے وہی واحد آپشن ہوتا ہے، اس لیے اس مخصوص صورتحال میں اسکول کا حصہ 100 فیصد بنتا ہے۔ یعنی بچہ ایک بار داخل ہو جائے تو والدین کے پاس اسی اسکول کی فراہم کردہ چیزیں لینے کے سوا کوئی اور انتخاب نہیں رہتا۔ جس کے باعث طلبہ مجبور صارف بن گئے، جبکہ برانڈڈ اسٹیشنری اور یونیفارم کی مارکیٹ بندھی ہوئی مارکیٹ (market tied) بن گئی۔ رپورٹ کے مطابق کئی اسٹڈی پیک عام مارکیٹ میں دستیاب متبادل اشیاء سے 280 فیصد تک مہنگے تھے۔ بڑے اسکول سسٹمز نے ایسے بندھن والے انتظامات کیے جن میں طلبہ کا داخلہ برقرار رکھنے کی شرط یہ رکھی گئی کہ وہ مخصوص نوٹ بکس اور یونیفارمز لازمی خریدیں۔ اسکولوں نے مخصوص وینڈرز مقرر کیے جس سے ملک بھر کے ہزاروں اسٹیشنری فروشوں اور یونیفارم بیچنے والوں کی مارکیٹ بند ہوگئی۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

دیگر امور سے آگاہ کیا گیا۔ وزیراعظم نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریلوے کا نظام کسی بھی ملک کی معیشت اور رابطوں کی ریڑھ کی ہڈی کے طور پر کام کرتا ہے۔ وزیراعظم ہاؤس کے مطابق انہوں نے ریلوے نظام کی بحالی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کی تعریف کی اور وزیر ریلوے حنیف عباسی اور ان کی ٹیم کی پاکستان ریلوے کی بحالی اور جدید کاری میں کوششوں کو سراہا۔ وزیراعظم نے پاکستان ریلوے خصوصاً علاقائی روابط اور بین الاقوامی ٹرین لنکس کے منصوبوں کے حوالے سے بین الاقوامی معیار کے

قانونی اور معاشی ماہرین کی خدمات حاصل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ ریلوے کے پراپرٹی اور زمین کے معاملات پر پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل اختیار کیا جائے۔ اجلاس کو پاکستان ریلویز کی بہتری کے حوالے سے اٹھائے جانے والے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پاکستان ریلوے کی ڈیجیٹائزیشن کے حوالے سے رابطہ کے 7 ڈیجیٹل پورٹلز کام کر رہی ہیں؛ 56 ٹرینوں کو رابطہ پر منتقل کیا گیا ہے۔ 54 ریلوے اسٹیشنوں کو ڈیجیٹائز کیا جاچکا ہے۔ کراچی، لاہور، راولپنڈی اور فیصل آباد کے ریلوے اسٹیشنوں پر مفت وائی فائی کی سہولت فراہم کی جاچکی ہے۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

مسلسل رکاوٹیں ڈال رہی ہیں۔ ایک بیان کے مطابق وفاقی وزیر تجارت اور سیکرٹری تجارت کے نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ کے ساتھ ہونے والے اجلاس کے دوران پاکستان نے استھانول کی مراعات کی واپسی اور بھارت کے ساتھ باسمتی چاول کی جغرافیائی نشاندہی پر جاری تنازعہ کے حوالے سے تشویش کا اظہار کیا۔ سیکرٹری تجارت جواد پال نے وضاحت کی کہ یورپی یونین کا پاکستان کے ساتھ تعامل کا صرف ایک ہی منصوبہ ہے، اور وہ ہے جی ایس پی پلس۔ انہوں نے یقین دلایا کہ پاکستان تمام ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے پرعزم ہے، کیونکہ وہ اسے اپنے بہترین مفاد میں سمجھتا ہے۔ سیکرٹری تجارت نے یورپی یونین کی جانب سے استھانول پر دی جانے والی مراعات ختم کرنے کے معاملے کو بھی اٹھایا۔ انہوں نے وضاحت کی کہ پاکستان کی صنعت محسوس کرتی ہے کہ ان کے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے، اس سلسلے میں صنعتی ایسوسی ایشن نے یورپی یونین سے اپیل کی ہے۔ حکومتی عہدیدار نے ہالینڈ کے سفیر سے درخواست کی کہ وہ اس اپیل پر غور کریں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ باسمتی چاول کی جغرافیائی شناخت کے لیے درخواست بھارت اور پاکستان دونوں نے دائر کی ہے۔ بھارت کا باسمتی پر واحد حق کا دعویٰ نہ تو تاریخ اور نہ ہی ادب سے حمایت شدہ ہے۔ عہدیدار نے یہ بھی ذکر کیا کہ پاکستان سے ہالینڈ کو چاول کی برآمدات، چاہے کسی بھی قسم کے ہوں، میں بہت زیادہ ممکنات موجود ہیں جو فی الحال بروئے کار نہیں لائی جارہیں۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا کہ دوطرفہ تجارتی حجم کا جائزہ لینے پر انہیں متنوع کرنے کے بے پناہ مواقع نظر آئے ہیں۔ پاکستان سے زرعی اور غذائی مصنوعات کی برآمدات میں اضافہ کرنے کے لیے بہت زیادہ امکانات موجود ہیں۔ پیداوار اور معیار کو بہتر بنانے کے لیے بہت کچھ دریافت کیا جاسکتا ہے۔ وفاقی وزیر نے خدمات کے شعبے کی اہمیت اور ممکنات پر بھی زور دیا۔'' پاکستان میں نوجوان آبادی کی بڑی تعداد کو مدِنظر رکھتے ہوئے، خدمات کا شعبہ بہت آسانی سے اور کم وقت میں اشیاء کی برآمدات سے آگے بڑھ سکتا ہے۔ وزیر تجارت نے ہالینڈ میں قائم جاز ٹیلی کام کی بھی تعریف کی اور دیہی آبادی کے ڈیجیٹل مالیاتی انضمام میں اس کے کردار کو سراہا۔ سفیر نے ذکر کیا کہ وہ باقاعدہ مذاکرات کے آغاز کی تاریخوں پر بات کر رہے ہیں تاکہ تعاون اور دوطرفہ تعلقات کے نئے مواقع اور شعبوں کا جائزہ لیا جاسکے۔ آنے والے جی ایس پی مانیٹرنگ مشن کے دورے کے حوالے سے، انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ بات چیت یورپی یونین اور پاکستان کے تعلقات کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔ وزیر تجارت نے ذکر کیا کہ 18 ویں ترمیم کے بعد کئی موضوعات صوبوں کو منتقل کر دیے گئے ہیں، تاہم وزارت تجارت اس سلسلے میں تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ رابطہ اور آگاہی پیدا کر رہی ہے۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیاں شامل ہیں۔ غیر ملکی سرمایہ کاری میں مثبت پیش رفت کے باعث 30 سے زائد ممالک سے 332 کمپنیوں کو عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد حاصل ہوا جبکہ ڈیجیٹل رسائی میں اضافے کے باعث 250 سے زیادہ شہروں اور 30 فیصد قصبوں میں رجسٹریشن کا عمل مکمل ہوا۔ ایس ای سی پی نے ڈیجیٹل اصلاحات کے ذریعے کاروبار کے آغاز کا طریق؟ کار مزید تیز، آسان اور شفاف بنا دیا۔ ایس آئی ایف سی کی سرپرستی سے پاکستان کاروباری توسیع، سرمایہ کاری کے فروغ اور عالمی شراکت داری کے ایک نئے دور میں داخل ہوگیا۔

بقیہ 15 تجارت نیوز

پاکستان کے چھوٹے سرمایہ کاروں نے اسٹاک میں 40 فیصد اضافہ کیا۔ 2025 میں 100 انڈیکس میں 40 فیصد اضافہ پاکستان کو ایشیا کی بہترین مارکیٹ بناتا ہے۔ برسوں کی سیاسی بے یقینی کے بعد اسٹاک مارکیٹ کا یہ اعتماد پاکستانی معیشت کے درست سمت میں آگے بڑھنے کا ثبوت ہے۔ بلوم برگ کا کہنا ہے کہ 2023 میں پاکستان ڈیفالٹ کے دہانے تک پہنچ گیا تھا مگر اب صورتحال ڈرامائی طور پر بہتر ہوئی ہے حکومتی استحکام، مضبوط اصلاحات اور خطرہ سے پاک سرمایہ کاری نے پاکستانیوں کو بڑی تعداد میں اسٹاک مارکیٹ کی طرف راغب کیا۔ صرف ستمبر کی سہ ماہی میں 36 ہزار سے زائد نئے ٹریڈنگ اکاؤنٹس کھولے گئے اکتوبر میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج کا روزانہ تجارتی حجم 200 ملین ڈالر تک پہنچ گیا، جو 2017 کے بعد سب سے زیادہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق 2025 میں موثر معاشی اصلاحات کی بدولت ایس اینڈ پی گلوبل ریٹنگز اور فچ ریٹنگز نے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری کی۔ عالمی ریٹنگز میں بہتری کو مالی نظم و ضبط اور حکومتی اصلاحاتی اقدامات پر بین الاقوامی سطح پر اعتماد کے اظہار کے طور پر دیکھا جارہا ہے بلوم برگ نے اپنی رپورٹ میں کہا امریکا کے ساتھ تعلقات کی بحالی اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں بہتری میں پاکستان کی عسکری قیادت نے نمایاں کردار ادا کیا عسکری قیادت کی 2030 تک توسیع کو سیاسی اور معاشی استحکام کی علامت سمجھا جارہا ہے۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

عوام کے حالات میں بہتری آ رہی ہے، کاروباری اپنے عروج پر پہنچ رہا ہے اور کاروباری و تاجر برادری چین کی بانسری بجارہی ہے۔ تاہم حکومتی عینک کو اتار کر زمینی حقائق کا جائزہ لیا جائے تو صورتحال اس کے عین برعکس ہے۔ مستند اعدادوشمار کے مطابق موجودہ وفاقی حکومت کے قیام سے تاحال 30 بڑی بین الاقوامی کمپنیاں پاکستان کو چھوڑ گئیں، مائیکرو سافٹ، شیل، اوبر، یاماہا سمیت دیگر بڑی بین الاقوامی کمپنیوں کی پاکستان سے رخصت نے سرمایہ کاروں کا اعتماد ہلا کر رکھ دیا ہے۔

بقیہ 17 تجارت نیوز

ہوئے۔ دوسری جانب اسلام آباد سے 1334، آزاد کشمیر سے 107 اور گلگت بلتستان سے 49 افراد نے نئے ٹریڈنگ اکاؤنٹس کھولے۔ پی ایس ایکس کے مطابق پاکستان اسٹاک ایکس چینج میں اکتوبر کے دوران 87 فیصد مرد اور 13 فیصد خواتین نے ٹریڈنگ رجسٹریشن کرائی۔

بقیہ 18 تجارت نیوز

تجارتی اور اقتصادی تعلقات کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ افغان طالبان حکومت فتنہ الخوارج اور فتنہ

الہندستان سمیت ان سے منسلک دہشت گرد تنظیموں کی حمایت بند کرے۔ ترجمان نے کہا کہ 10 اور 15 نومبر کو تجارتی مراکز پر درحقیقت افغانستان سے حملے ہوئے، لہٰذا یا تو ہم اپنی جان خطرے میں ڈالیں یا پھر ایک بہت خطرناک تجارت کریں۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ پاکستان نے تجارتی معطلی کا مشکل فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاپی اور کاسا-1000 منصوبوں کی کامیابی بھی افغان طالبان حکومت پر منحصر ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ کابل کو اپنے ملک سے آپریٹ کرنے والی دہشت گرد تنظیموں کی حمایت اور معاونت بند کرنی چاہیے۔ ترجمان نے کہا کہ بنگلہ دیش کے سابق وزیر اعظم (حسینہ واجد) کے مقدمے میں دی گئی سزائے موت بنگلہ دیش کا داخلی معاملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کے عوام اپنے مسائل کو اپنے جمہوری اور آئینی عمل کے مطابق حل کرنے کی پوری صلاحیت رکھتے ہیں۔ افغان وزیر تجارت کے بھارت کے دورے کے بارے میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ یہ پیش رفت دونوں خودمختار ممالک کے درمیان ہے۔ پاکستان خطے میں تجارتی رابطوں اور تجارتی تعلقات کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ ہمارے تعلقات افغانستان کے ساتھ اس کی اپنی صلاحیت اور مدِنظر رکھ کر قائم ہیں، نہ کہ کسی تیسری پارٹی کی مداخلت پر۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ترکیہ کے صدر کے اس بیان کو خوش آمدید کہنے کے لیے تیار ہے کہ وہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان ثالث کا کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ترکی کے وزراء اور اہلکاروں کا کوئی دورہ ابھی تک نہیں ہوا۔ اُن کا کہنا تھا کہ دورے کا شیڈول ترتیب دیا جارہا ہے۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اسلام آباد میں اس اہم اجلاس کی صدارت کریں گے، جہاں صوبائی اور وفاقی اسٹیک ہولڈرز نئے این ایف سی ایوارڈ کے پیچیدہ معاملے پر غور کریں گے۔ ذرائع کے مطابق کمیشن کے افتتاحی اجلاس میں ورکنگ لیول کی سفارشات کا جائزہ لینے، تکنیکی ذیلی گروپس قائم کرنے اور آئندہ مہینوں میں ہونے والے مذاکرات کے لیے ایک روڈ میپ کی منظوری کی توقع ہے جو کہ وفاقی حکام کے مطابق وقت کی پابند اور نتائج پر مبنی نئے ایوارڈ کی طرف جانے والے عمل کی بنیاد رکھے گا۔

بقیہ 20 تجارت نیوز

شدہ گاڑیوں میں دلچسپی ظاہر کررہے ہیں۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (پی بی ایس) کے مطابق مقامی کار ساز کمپنیوں کی طرف سے گاڑیوں کے اسمبلی کٹس (ایس کے ڈی/سی کے ڈی) کی درآمدات پچھلے سال کے مقابلے میں 123 فیصد بڑھ کر چار ماہ کے دوران 62 کروڑ 80 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئی ہیں۔ اسی طرح مکمل تیار شدہ (سی بی یو) نئی اور استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمدات بھی 31 فیصد بڑھ کر چار ماہ میں 11 کروڑ 30 لاکھ ڈالر ہوگئی ہیں، جو پچھلے سال اسی مدت میں 8 کروڑ 60 لاکھ ڈالر تھیں۔ پاکستان ایسوسی ایشن آف آٹوموٹیو پارٹس اینڈ ایکسیسریز مینوفیکچررز (پی اے اے پی اے ایم) نے پاکستان آٹو پارٹس شو (پی اے پی ایس) 2025 کے دوران ایک مہنگی میڈیا مہم چلائی، جس میں خبردار کیا گیا کہ 5 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری، 1 ہزار 200 فیکٹریاں اور 25 لاکھ ملازمتیں استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمدات کی وجہ سے ختم ہو جائیں گی۔ ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد ایک طرح سے جرم ہے، کیونکہ حوالہ، ہنڈی اور چھپی ہوئی رقم آہستہ آہستہ پاکستان کو نقصان پہنچا رہی ہیں۔ مقامی کار ساز کمپنیوں نے بھی یہی کہا اور دعویٰ کیا کہ استعمال شدہ گاڑیوں کا مارکیٹ شیئر 25 سے 30 فیصد تک پہنچ گیا ہے، جو چند سال پہلے 10 فیصد سے بھی کم تھا۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

پر قریب ہے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں، آئی ایف سی (انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن) اس کنسورشیم کی قیادت کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس میں آخری مراحل میں سے ایک یو ایس ایکسیم کا شامل ہونا ہے، کیونکہ وہاں (یو ایس) شٹ ڈاؤن تھا اور اب حکومت دوبارہ سرگرم ہوگئی ہے۔ میرا خیال ہے کہ یو ایس ایکسیم کی شمولیت اب نسبتاً جلد متوقع ہے۔ ریکوڈک بلوچستان میں واقع ایک وسیع، غیر ترقی یافتہ تانبے اور سونے کا ذخیرہ ہے، جسے دنیا کے سب سے بڑے ذخائر میں سے ایک مانا جاتا ہے۔ منصوبے کی ملکیت 50 فیصد بیرک کے پاس ہے، 25 فیصد تین وفاقی سرکاری اداروں کے پاس، اور 25 فیصد حکومت بلوچستان کے پاس ہے۔

بقیہ 22 تجارت نیوز

اقدامات کی وضاحت کی گئی۔ ایک اہم شرط یہ بھی بتائی گئی کہ فروخت کے باوجود پی آئی اے کا نام اور برانڈنگ تبدیل نہیں کی جائے گی۔ وزیراعظم ہاؤس کی جانب سے جاری بیان میں تصدیق کی گئی کہ نجکاری کا عمل اپنے انتہائی اہم بولی مرحلے میں داخل ہونے والا ہے، جہاں ایئرلائن کی آئندہ ملکیت کا فیصلہ ہوگا۔ حکام نے بتایا کہ بولی کے عمل میں شرکت کے لیے 4 فریق پہلے ہی پری کوالیفائی ہو چکے ہیں۔ اجلاس میں پی آئی اے کے لیے ایک جامع کاروباری منصوبہ بھی پیش کیا گیا، جس کے تحت بیڑے میں نمایاں توسیع کی جائے گی۔ قابلِ پرواز طیاروں کی تعداد 18 سے بڑھا کر 2029 تک 38 کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

بطور وزیر یہ پہلی سرکاری آمد تھی، جس کے دوران انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کے ریگولیٹری اداروں کو مضبوط بنانا اعتماد سازی، سرمایہ کاری کے فروغ اور ڈیجیٹل معیشت کے عالمی رجحانات کے ساتھ ہم آہنگی کے لیے نہایت ضروری ہے۔ اجلاس کے دوران پی وی اے آر اے کی اعلیٰ قیادت نے اتھارٹی کے مینڈیٹ، پالیسی سمت اور ورچوئل ایسیٹس کے لیے جامع گورننس ڈھانچے کی تشکیل میں ہونے والی پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں اتھارٹی کے مرحلہ وار طریقہ کار پر روشنی ڈالی گئی، جس کا مقصد اس شعبے کی ضابطہ کاری کو پاکستان کی قومی ترجیحات سے ہم آہنگ رکھنا، صارفین کا تحفظ یقینی بنانا اور مالی استحکام کو فروغ دینا ہے۔ وزیر خزانہ کو آگاہ کیا گیا کہ اتھارٹی نے ملکی اور بین الاقوامی اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت، ریگولیٹری گائیڈ لائنز کی تیاری اور شفاف و واضح ورچوئل ایسیٹس نظام کے قیام کے لیے اقدامات کیے ہیں۔

بقیہ 24 تجارت نیوز

ماہ بعد سامنے آئے ہیں، جب مئی 2025 میں پاکستان نے بھارت کے سات جنگی طیارے مار گرائے تھے، جن میں تین رافیل طیارے بھی شامل تھے۔ واشنگٹن میں سعودی سرمایہ کاری کانفرنس سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے کشیدگی کے ایک شدید دور میں نئی دہلی اور اسلام آباد کو سخت معاشی نتائج سے خبردار کیا تھا۔ ان کے بقول میں مختلف جنگوں کی بات کر رہا تھا اور دیکھیں بھارت اور پاکستان ایٹمی ہتھیاروں کے

ساتھ ایک دوسرے پر چڑھائی کرنے والے تھے۔ میں نے کہا، ٹھیک ہے آپ لڑیں، لیکن میں دونوں ملکوں پر 350 فیصد ٹیرف لگا دوں گا، امریکا کے ساتھ کوئی تجارت نہیں ہوگی۔

بقیہ 25 تجارت نیوز

دستخط کیے ہیں جس کے تحت اہم معدنیات کی سپلائی چین کو محفوظ بنانے کے لیے تعاون مزید گہرا کیا جائے گا۔ یہ ڈیل ان معاہدوں کا تسلسل ہے جو صدر ٹرمپ نے اس سے قبل دیگر تجارتی شراکت داروں کے ساتھ کیے تھے جن کا مقصد امریکا کی سپلائی چین کو مضبوط اور عالمی سطح پر مستحکم بنانا ہے تاکہ اہم معدنیات تک رسائی میں کوئی رکاوٹ نہ آئے۔ وائٹ ہاؤس کے مطابق یہ فریم ورک دونوں ممالک کی اسٹریٹجک پالیسیوں کو ہم آہنگ کرتا ہے تاکہ مستقبل میں ضروری معدنی وسائل کی کمی سے بچا جاسکے۔ امریکا اور سعودی عرب نے مصنوعی ذہانت کے تاریخی ایم او یو پر بھی دستخط کیے، اس کے تحت سعودی عرب کو دنیا کے بہترین امریکی اے آئی سسٹمز تک رسائی فراہم کی جائے گی۔ دوسری جانب سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے امریکا میں ایک کھرب ڈالر تک سرمایہ کاری بڑھانے کا بھی اعلان کردیا۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

ایس پی آر کے مطابق ''ایونٹ کے دوران جے ایف-17 تھنڈر بلاک-III مرکزِ نگاہ بنا رہا اور دفاعی تجزیہ کاروں، ایوی ایشن ماہرین اور وزیٹرز کی جانب سے نمایاں توجہ حاصل کرتا رہا، اس کی جدید ترین ٹیکنالوجی، مضبوط جنگی صلاحیتیں، اور معرکہ حق (بھارت کے ساتھ مئی کی جھڑپ) میں ثابت شدہ کارکردگی نے اسے ایک انتہائی قابل اور لاگت مؤثر ملٹی رول فائٹر کے طور پر مزید مستحکم کیا۔ پاکستان کی ایوی ایشن انڈسٹری پر بڑھتے ہوئے عالمی اعتماد کا مظاہرہ کرتے ہوئے متعدد ممالک نے جے ایف-17 تھنڈر حاصل کرنے میں دلچسپی ظاہر کی۔ ایک اہم پیش رفت میں، ایک دوست ملک کے ساتھ جے ایف-17 تھنڈر کی خریداری کے لیے ایم او یو پر دستخط کیے گئے۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

نمو ریکارڈ کی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق جولائی تا ستمبر کے دوران ایل ایس ایم انڈسٹریز کی پیداوار گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 4.08 فیصد زیادہ رہی۔ ستمبر 2025 میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں گزشتہ برس کے ستمبر کے مقابلے میں 2.69 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ اگست 2025 میں یہ اضافہ 2.05 فیصد رہا۔ مجموعی 4.08 فیصد نمو میں نمایاں شعبوں کا حصہ ان کے کوانٹم انڈیکس نمبر (کیو آئی ایم) کے وزن کے مطابق یوں ہے: فوڈ (0.91)، تمباکو (0.05)، ٹیکسٹائل (0.34)، گارمنٹس (0.42)، پیپر اینڈ بورڈ (0.13)، پیٹرولیم مصنوعات (منفی 0.26)، کیمیکلز (منفی 0.19)، دواسازی (منفی 0.30)، سیمنٹ (0.83)، آئرن اینڈ اسٹیل مصنوعات (منفی 0.16)، برقی آلات (0.11)، مشینری و آلات (منفی 0.04)، آٹوموبائلز (1.84)، دیگر ٹرانسپورٹ آلات (0.20)، اور فرنیچر (منفی 0.40)۔ جولائی تا ستمبر 2025-26 میں پیداوار گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں فوڈ (0.91 فیصد)، تمباکو (0.04 فیصد)، ویئرنگ اپیرل (0.42 فیصد)، نان میٹالک منرل مصنوعات (0.81 فیصد)، برقی آلات (0.11 فیصد)، آٹوموبائلز (1.84 فیصد) اور دیگر ٹرانسپورٹ آلات (0.20 فیصد) اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

میں ایک اور اہم سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ نوٹس کے مطابق کارفور یواے ای کے برآمدی معیار پر پورا اترنے کے بعد اب ٹی او ایم سی ایل نے کارفور قطر کے لیے بھی براہِ راست سپلائی کی منظوری حاصل کرلی ہے جس کے ساتھ ہی کمپنی خلیجی تعاون کونسل (جی سی سی) کے اندر اپنی دوسری منظور شدہ برآمدی منزل تک پہنچ گئی ہے۔ کمپنی کے مطابق یہ منظوری اس وقت ملی ہے جب ٹی او ایم سی ایل نے کارفور کے تمام درکار معیارات اور کمپلائنس پروٹوکول جن میں سسٹم، فوڈ سیفٹی، حفظانِ صحت اور آپریشنل کنٹرولز شامل ہیں سخت جانچ کے بعد کامیابی سے پورے کرلیے۔ نوٹس میں کہا گیا کہ اس پیشرفت کے بعد ٹی او ایم سی ایل نے جی سی سی کی ہائی ویلیو ریٹیل مارکیٹس میں اپنی موجودگی مزید مستحکم کرلی ہے اور بطور قابلِ اعتماد حلال گوشت فراہم کنندہ خطے میں اپنی ساکھ مضبوط بنائی ہے۔

بقیہ 29 تجارت نیوز

حکومتوں نے بتایا کہ بیج کی تقسیم کے حوالے سے کاشت کے موسم سے قبل مضبوط پیش رفت دیکھنے میں آئی ہے۔ ہفتہ وار جائزہ میٹنگ کی صدارت وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے سیکرٹری عامر محی الدین نے کی جس میں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان اور صوبائی فوڈ محکموں کے حکام نے بیج کی نقل وحرکت، بوائی کی پیش رفت اور ذخیرہ اندوزی کی منصوبہ بندی پر اپڈیٹس شیئر کیں۔ خیبر پختونخوا کے حکام نے صوبائی محکموں کی رپورٹ کردہ گندم کے آٹے کی قیمتوں اور پی بی ایس کی جانب سے شائع کردہ قیمتوں میں تضاد کی نشاندہی کی۔ وزارت نے اس تشویش کو تسلیم کرتے ہوئے کے پی حکومت کو یقین دلایا کہ وہ پی بی ایس سے رابطہ کرے گی تاکہ شفاف اور قابل تصدیق قیمت نگرانی کا نظام قائم کیا جاسکے۔ صوبوں میں بیج کی نقل وحرکت کے جائزے کے دوران پنجاب نے بتایا کہ موجودہ بوائی کے موسم کے لیے تمام صوبائی بیج کی ضروریات پوری کی جاچکی ہیں۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

کے نجکاری معاہدوں سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ مسئلہ صرف مغربی دلچسپی یا عدم دلچسپی کا نہیں بلکہ پاکستان کی اپنی طرز حکمرانی کی کمزوریاں، بدعنوانی اور معاشی کمزوریوں نے ملک کی مذاکراتی پوزیشن کو کمزور کیا ہے۔ ان کے مطابق بڑی معاشی و جیو اسٹریٹجک طاقتیں جی ٹو جی سودوں میں زیادہ اثر ورسوخ رکھتی ہیں، خاص طور پر جب دوسری طرف سودے بازی کی طاقت کم ہو۔ ان کی ذاتی رائے میں پاکستان کو جہاں ممکن ہو جی ٹو جی ماڈل سے گریز کرتے ہوئے شفاف اور مسابقتی طریقہ اختیار کرنا چاہیے۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی حکومت نے ابھی تک یہ فیصلہ نہیں کیا کہ کے۔ الیکٹرک کے شیئرز کی منتقلی کی منظوری نیپرا دے گا یا حکومت۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ کے۔ الیکٹرک کی اصل فروخت کے وقت مناسب جانچ پڑتال نہیں کی گئی تھی۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

اینٹی اسموگ ڈیوٹیاں، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرنے کے احکامات دیے گئے ہیں۔ صبح 9 بجے کے بعد ہواؤں کا رخ تبدیل، مقامی اخراج مشرق کی طرف دھکیلے جانے سے اے کیو آئی میں بہتری کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے۔ شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ ماسک پہنیں، صبح کے اوقات میں کھلی فضا میں نہ جائیں اور حساس مریض لازمی احتیاط کریں۔ دوسری جانب کراچی میں عالمی محکمہ موسمیات نے کراچی فضا کو انسانی

صحت کے لیے مضر قرار دے دیا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق کراچی کا ائیر کوالٹی انڈیکس 225 ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

یہ شرح بہت زیادہ ہے۔ وفاقی وزیر نے اس بات پر بھی زور دیا کہ زیادہ آبادی کی ترقی کے اثرات انسانی ترقی کے مستقل چیلنجز میں ظاہر ہوتے ہیں جن میں بچوں میں قد میں کمی، تعلیمی غربت اور مستقبل کے لیے نااہل ورک فورس شامل ہیں۔ اسی دوران موسمیاتی تبدیلیاں کمیونٹیز کو شدید درجہ حرارت، سیلاب، خشک سالی اور ماحولیاتی بگاڑ کے خطرات کے سامنے لا رہی ہیں جن میں سب سے زیادہ اثر ان اضلاع پر پڑ رہا ہے جو پہلے ہی غربت، کمزور بنیادی ڈھانچے اور ضروری خدمات تک محدود رسائی کا سامنا کررہے ہیں۔

بقیہ 33 تجارت نیوز

بڑے لوڈ مراکز تک مؤثر انداز میں منتقل کرنا ہے۔ منصوبے کے تحت 500 کے وی کی تقریباً 290 کلومیٹر طویل نئی ٹرانسمیشن لائن تعمیر کی جائے گی جبکہ اسلام آباد اور فیصل آباد کو بجلی فراہم کرنے والے اہم گرڈ انفرااسٹرکچر کو بھی جدید خطوط پر اپ گریڈ کیا جائے گا۔ اس ترقیاتی کام سے پاکستان کے شمال، جنوب پاور کوریڈور میں دیرینہ رکاوٹیں دور ہوں گی اور شمالی ہائیڈرو پاور پلانٹس سے 3,200 میگاواٹ تک صاف توانائی کی ترسیل ممکن ہوگی، جس سے درآمدی ایندھن پر انحصار کم ہوگا اور توانائی کے شعبے میں پائیداری بڑھے گی یہ منصوبہ پاور سیکٹر اصلاحات اور سرکاری اداروں میں بہتری کے وسیع تر حکومتی ایجنڈے کی بھی معاونت کرتا ہے۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

بنانے کی کوششوں کو اجاگر کیا۔ وفد کی قیادت فیڈرل کمشنر بیرسٹر ایموا ایفیونگ اکپان نے کی اور اس میں نائیجیریا کی ریونیو موبلائزیشن، الاٹمنٹ اینڈ فسکل کمیشن کے 13 ارکان شامل تھے۔ ملاقات کے دوران فنانس اور ریونیو ڈویژن کے سینئر حکام بھی موجود تھے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے وفد کا استقبال کرتے ہوئے پاکستان کی دوستانہ ممالک کے ساتھ ادارہ جاتی تعاون اور مکالمے کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ بیرسٹر ایموا ایفیونگ اکپان نے وفاقی وزیر کو آر ایم اے ایف سی کے دائرہ کار کے بارے میں آگاہ کیا جو ایک آئینی طور پر قائم کردہ ادارہ ہے۔

بقیہ 35 تجارت نیوز

خوبانی کیلیے ایڈوانس میں ادائیگیاں کی تھی۔ اور سبزیوں، پھلوں و خشک میوہ جات سے بھرے کنٹینرز ٹرالے کئی ہفتوں سے طورخم افغان علاقے میں کھڑے ہیں۔ تاہم اب یہ پھل سبزی انار انگور گلنے سڑنے سے بہت سے ٹرالے واپس افغان منڈیوں میں جانا شروع ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق افغان تاجروں نے اس کے متبادل رقوم کی پاکستانی تاجروں اور ہول سیل ڈیلرز کو ادائیگی سے بھی انکار کرتے کہا ہے کہ یہ تمام مال افغان سرحد پر کئی ہفتے سے موجود ہے جبکہ خراب گلنے سڑنے والے پھل کے افغان تاجر ذمہ دار نہیں ہیں۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

زیر کاشت رقبہ بھی 16.8 فیصد کے اضافے کے ساتھ ایک لاکھ 42 ہزار 500 ہیکٹر سے بڑھ کر ایک لاکھ 66 ہزار 400 ہیکٹر ہوگیا۔ پیاز پاکستان کی دوسری بڑی سبزی ہے جو سالانہ تقریباً 16 سے 18 لاکھ ٹن استعمال ہوتی ہے۔ یہ سال بھر گھریلو کھانوں، شوربوں، گریوی، مصالحہ جات اور دیگر کھانوں میں بنیادی جزو کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ 2025-26 کے پیداواری منصوبے کے تحت سب سے زیادہ ہدف سندھ کو دیا گیا ہے جہاں 60 ہزار ہیکٹر سے 9 لاکھ 56 ہزار 550 ٹن پیاز پیدا کرنے کا ہدف مقرر ہے۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

مدت کے مقابلے میں 20 فیصد زائد ہیں۔ اکتوبر میں یومیہ اوسط آمدنی 16.78 ملین ڈالر رہی، جو ستمبر میں ریکارڈ 16.64 ملین ڈالر سے کچھ زیادہ ہے۔ صنعتی ماہرین کے مطابق اکتوبر میں آئی ٹی برآمدات میں اضافے کی بنیادی وجوہات میں مقامی آئی ٹی کمپنیوں کے کلائنٹ پورٹ فولیوز میں توسیع، خصوصاً خلیجی ممالک میں، اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے حالیہ سہولت کاری اقدامات شامل ہیں۔ ان اقدامات میں برآمد کنندگان کے لیے خصوصی غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹس میں قابل اجازت ریٹینشن حد کو 50 فیصد تک بڑھانا اور ان اکاؤنٹس کے ذریعے بیرونِ ملک ایکویٹی انویسٹمنٹ کی اجازت دینا شامل ہے۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

25 فیصد زائد پیداوار ریکارڈ کی گئی ہے لیکن گنے کی بمپر پیداوار اور امپورٹ کے باوجود عوام کو چینی زائد قیمتوں پر فروخت کی جارہی ہے۔ واضح رہے کہ کراچی میں فی کلوگرام ایکس مل چینی کی قیمت 175 روپے سے بڑھ کر 185 روپے ہوگئی ہے جبکہ فی کلوگرام چینی کی تھوک قیمت بڑھکر 187 روپے اور ریٹیل قیمت 200 روپے کی سطح پر پہنچ گئی ہے۔

بقیہ 39 تجارت نیوز

میں انسان نما روبوٹ دنیا کی "سب سے بڑی ایجاد" ہوں گے جو ہر قسم کی صلاحیتوں سے لیس ہوں گے۔ ٹیکنالوجی کے بادشاہ کہلائے جانے والے ایلون مسک نے مزید بتایا کہ ان روبوٹس کی صلاحیتیں لیبر مارکیٹ کو از سرِنو تشکیل دیں گی۔ انہوں نے کہا کہ اس نئی ایجاد سے صنعتی اور مختلف سروسز فراہم کرنے والے شعبوں میں بے مثال نئے مواقع سامنے آئیں گے۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

اسکیمیں جاری ہیں، سندھ حکومت کراچی کو ایک جدید، محفوظ اور سہولتوں سے آراستہ شہر بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، عوام کے تعاون سے ترقیاتی عمل مزید تیز کیا جارہا ہے، صوبائی حکومت کراچی کی ترقی کے لیے متعدد اہم منصوبوں پر تیزی سے کام کررہی ہے، سندھ حکومت کے تحت جاری منصوبوں کا مقصد شہر کے انفرااسٹرکچر کو جدید تقاضوں کے مطابق اپ گریڈ کرنا ہے، کراچی میں زیرِ تکمیل منصوبوں کی تکمیل سے شہریوں کو نمایاں ریلیف ملے گا، مشکلات کے باوجود حکومت کوشش کر رہی ہے کہ منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

رکھنے کی جدوجہد کر رہا ہے۔ وزیراعظم کی زیر صدارت اعلیٰ سطح جائزہ اجلاس میں پاکستان ریلوے کے حکام نے بتایا کہ ادارہ تیزی سے اپنے مختلف شعبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی جانب بڑھ رہا ہے، جن میں کارگو سروسز، اسپتال، اسکول اور ریل سے منسلک ڈرائی پورٹس شامل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ تبدیلی خسارے پر قابو پانے اور دہائیوں پرانے ریلوے نیٹ ورک کو بحال کرنے کی حکومتی کوششوں کا اہم حصہ ہے۔

بقیہ 42 تجارت نیوز

ماہ میں 4 فیصد کمی کے ساتھ 10.4 ارب ڈالر رہیں، جبکہ اسی عرصے میں درآمدات میں 15.5 فیصد اضافہ ہوا جس کے بعد وہ 12.7 ارب ڈالر تک پہنچ

گئیں۔ گزشتہ ماہ اکتوبر میں برآمدات سالانہ بنیاد پر 4.5 فیصد کم ہوئیں تاہم ماہانہ بنیاد پر 14 فیصد بڑھ کر 2.8 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ اکتوبر میں درآمدات سالانہ بنیاد پر 21.65 فیصد اور ماہانہ بنیاد پر 4.84 فیصد بڑھ کر 6.13 ارب ڈالر رہیں۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

ہوگئی ہیں۔ یہ غیر معمولی درخواست اس وقت سامنے آئی جب بھارت اور چین کے درمیان براہِ راست پروازیں پانچ سال کے وقفے کے بعد بحال ہوئی ہیں جو دونوں ممالک کے درمیان ہمالیائی سرحدی تصادم کے بعد رک گئی تھیں۔ اطلاعات کے مطابق اکتوبر کے اواخر میں ہندوستانی حکام کو پیش کی گئی دستاویز کے مطابق ایئر انڈیا کے لیے کچھ طویل فاصلے کی پروازوں پر ایندھن کے اخراجات میں 29 فیصد تک اضافہ ہوا اور سفر کے اوقات میں تین گھنٹے بڑھ گئے ہیں۔ دستاویز کے مطابق بھارتی حکومت ایئر انڈیا کی اس درخواست کا جائزہ لے رہی ہے کہ وہ سفارتی طور پر چین سے کہیں کہ متبادل راستے اور ہنگامی صورت میں سنکیانگ کے ہوتان، کاشغر اور ارمچی میں موجود ائیرپورٹ تک رسائی کی اجازت دے تاکہ امریکہ، کینیڈا اور یورپ کے لیے پروازیں تیز تر عمل کی جاسکیں۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

دوران دی تھی، جو 14 تا 16 نومبر کو کراچی ایکسپو سینٹر میں منعقد ہوا، جس میں آئی ایم سی نے ڈائمنڈ اسپانسر کے طور پر حصہ لیا۔ ذرائع کے مطابق اصغر جمالی نے کہا کہ ہماری پی اے پی ایس 2025 میں شرکت اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ ہم میک ان پاکستان کے وژن کے تحت عالمی معیار کی گاڑیاں مقامی طور پر تیار کرنے، ملازمتوں اور صنعتی ترقی کی حمایت کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم حکومت سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ ایسی پالیسیاں برقرار رکھے جو مقامی پیداوار کو فروغ دیں اور استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کے منفی اثرات سے صنعت کا تحفظ کریں۔ اصغر جمالی نے مزید کہا کہ طویل مدتی استحکام کے لیے مستحکم اور مستقبل بینی حکومتی پالیسیاں ضروری ہیں۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

وزارت تجارت نے مزید کہا کہ نوٹیفکیشن نمبر ایس آر او 760(ا)/2025 مورخہ 6 مئی 2025 کو فوری طور پر منسوخ کر دیا گیا ہے، اور اس کے نوٹیفکیشن نمبر ایس آر او 760(ا)/2013 مورخہ 2 ستمبر 2013 کے تحت معطلی کی مدت کو اسی کے مطابق معاف کردیا گیا ہے، جس سے برآمد کنندگان ان ٹرسٹمنٹ اسکیم کے تحت 120 دن کی لازمی استحقاق کی مدت سے فائدہ اٹھاسکیں گے۔

بقیہ 46 تجارت نیوز

سال کے 2,761 یونٹس کے مقابلے میں کم ہوکر 2,607 یونٹس رہ گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق، افغانستان ایک اہم برآمدی مارکیٹ ہے لیکن وہاں سیاسی عدم استحکام کے باعث فروخت میں کمی آئی ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ برآمدی مقدار کو برقرار رکھنے اور بڑھانے کے لیے ایم ٹی ایل میکسیکو، افریقہ اور ممکنہ طور پر سری لنکا جیسی نئی منڈیوں پر توجہ مرکوز کررہی ہے۔ یہ پیشرفت اس وقت سامنے آئی جب حالیہ مہینوں میں پاکستان اور طالبان کی زیر قیادت افغانستان کی حکومت کے تعلقات کشیدہ ہوگئے جس کی بنیادی وجہ سیکیورٹی اور دہشت گردی کے حوالے سے شدید اختلافات ہیں۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

انڈسٹریز کی زمین کی سروے رپورٹ کے بارے میں استفسار کیا تو بورڈ آف ریونیو کے وکیل نے اس کے لیے عدالت سے مزید وقت مانگا جس پر عدالت نے برہمی کا اظہار کیا اور ممبر ریونیو بورڈ کو 11 دسمبر کو ذاتی حیثیت میں عدالت میں پیش ہونے کا حکم دیا ہائی کورٹ کرلیا ہے عدالت نے سماعت کے دوران سرکاری وکلا کی سرزنش کرتے ہوئے سوال کیا کہ آپ ہائی کورٹ کے حکم کے باوجود کیا ایم سی لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کی زمین کا سروے رپورٹ 13 ماہ گزرنے کے بعد بھی پیش کرنے میں ناکام رہے ہیں جس پر بورڈ آف ریونیو کے وکیل نے مختلف عذر پیش کیے جنہیں عدالت نے رد کردیا اس موقع پر الاٹیز کے وکیل عثمان فاروق ایڈووکیٹ نے عدالت سے استدعا کی کہ میونسپل کمشنر اور کے ایم سی کے وکلا بھی آج عدالت میں موجود نہیں انھیں بھی طلب کیا جائے الاٹیز کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ یہ زمین کے ایم سی نے 1993 میں بیروزگار نوجوانوں کو الاٹ کی تھی جس کے لیے ان سے کروڑوں روپے وصول کیے گئے مگر 33 سال گزرنے کے بعد بھی 2334 الاٹیز پلاٹوں سے محروم ہیں اس موقع پر پٹیشنر اور کے ایم سی لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز ایکشن کمیٹی کے چیئرمین محمود حامد میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کے الاٹیز اپنے پلاٹوں کے حصول اور لانڈھی کاٹیج انڈسٹریز کی آبادکاری تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔

بقیہ 48 تجارت نیوز

لائن اور برانچز کی بہتری سندھ کے عوام کیلیے خوش آئند ہے، کراچی حیدرآباد موٹروے بننے تک عوام کیلیے ٹرین ہی اچھا ا?پشن ہے، وزیراعظم سے گذارش ہے کہ وہ کراچی حیدرآباد موٹروے کی جلد تکمیل کیلیے اقدامات کریں، ہم کراچی کا ٹرانسپورٹ نظام بہتر بنانے کی پوری کوشش کر رہے ہیں، ہم کراچی میں الیکٹرک بسیں لا رہے ہیں، پیپلز بس سروس اور خواتین کیلیے پنک بسیں لائے ہیں، اس کے باوجود کراچی جیسے شہر کو ماس ٹرانزٹ منصوبے کی ضرورت ہے، وزیراعظم سے درخواست ہے کہ کراچی سرکلر ریلوے کیلیے ہم سے تعاون کریں، کراچی سرکلر ریلوے جیسا بڑا منصوبہ سندھ حکومت اکیلے مکمل نہیں کرسکتی۔

بقیہ 49 تجارت نیوز

ہوگا۔ معاہدے کے تحت ٹیکسٹائل، ادویات اور زرعی اجناس جیسی مصنوعات کی ترسیل کے دوران لاجسٹک پیچیدگیوں میں کمی کی جائے گی۔ ایئرلائن جدہ، مدینہ اور ریاض جیسے سعودی عرب کے اہم مراکز کو ٹرانزٹ گیٹ ویز کے طور پر استعمال کرے گی جس سے علاقائی تجارت کے لیے ایک اسٹریٹجک راہداری قائم ہوگی۔

بقیہ 50 تجارت نیوز

سندھ سید مراد علی شاہ کے بیانات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی کی ترقی اور ٹرانسپورٹ انفرااسٹرکچر کے حوالے سے اعلیٰ سطح پر کیے گئے اعلانات حوصلہ افزا ہیں، تاہم ان پر فوری، شفاف اور مستقل بنیادوں پر عملدرآمد صنعتی ترقی کے لیے نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی جانب سے کراچی کینٹ اسٹیشن کی جدید تعمیر نو اور کراچی سرکلر ریلوے (کے سی آر) کو سی پیک فریم ورک میں شامل کرنے کی یقین دہانی خوش آئند ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ کی جانب سے بھی کے سی آر کو خطے کی معاشی ضروریات کے مطابق تیار کرنے کا عزم قابل ستائش ہے۔

کراچی: الفا کالج میں آرٹ اینڈ میڈیا کی نمائش میں شرکا تصویریں دیکھ رہے ہیں

وفاقی وزیرخزانہ کا پاکستان ورچوئل ایسیٹ ریگولیٹری اتھارٹی کا دورہ

ملک میں ورچوئل ایسیٹس کے لیے پہلے باضابطہ ریگولیٹری فریم ورک پر بریفنگ دی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیرخزانہ ومحصولات محمد اورنگزیب نے پاکستان ورچوئل ایسیٹ ریگولیٹری اتھارٹی (پی وی اے آر اے) کا دورہ کیا، جہاں انہیں ملک میں ورچوئل ایسیٹس کے لیے پہلے باضابطہ ریگولیٹری فریم ورک پر بریفنگ دی گئی۔ محمد اورنگزیب کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 23)

پاک، بھارت ایٹمی جنگ روکنے کیلئے بھاری تجارتی جرمانوں کی دھمکی دی تھی، ٹرمپ

وزیراعظم نریندر مودی کی طرف سے بھی فون آیا جس میں کہا گیا کہ ہم جنگ کی طرف نہیں جارہے اور معاملہ ختم ہوگیا ہے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے بھارت اور پاکستان کو ایٹمی جنگ کی جانب بڑھنے سے روکا تھا اور اس مقصد کے لیے دونوں ممالک کو بھاری تجارتی جرمانوں کی دھمکی دی تھی۔ ان کے بیدریمارکس اس واقعے کے چند (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز محکموں کی کارکردگی سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

سعودیہ امریکہ سے 142 ارب ڈالرز کا اسلحہ خریدے گا

ٹرمپ نے سعودی عرب کیلئے دفاعی پیکیج کی منظوری دیدی جس کے تحت سعودی عرب کو ایف 35 لڑاکا طیارے فراہم کیے جائیں گے، سعودی عرب امریکا سے تقریباً 300 ٹینک بھی خریدے گا

اہم معدنیات کی سپلائی چین کو محفوظ بنانے کے لیے تعاون مزید گہرا کیا جائے گا، یہ ڈیل ان معاہدوں کا تسلسل ہے جو صدر ٹرمپ نے اس سے قبل دیگر تجارتی شراکت داروں کے ساتھ کیے تھے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سعودی عرب کے لیے بڑے دفاعی پیکیج کی منظوری دیدی، معاہدے کے تحت سعودی عرب امریکا سے 142 ارب ڈالر کا اسلحہ خریدے گا۔ وائٹ ہاؤس کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق امریکا اور سعودی عرب کے درمیان سول نیوکلیئر معاہدے پر اتفاق ہوگیا۔ وائٹ ہاؤس کے مطابق صدر ٹرمپ نے سعودی عرب کے لیے بڑے دفاعی پیکیج کی منظوری دیدی جس کے تحت سعودی عرب کو ایف 35 لڑاکا طیارے فراہم کیے جائیں گے، سعودی عرب امریکا سے تقریباً 300 ٹینک بھی خریدے گا۔ امریکا اور سعودی عرب نے کرپٹیکل منرلز فریم ورک پر بھی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

جے ایف 17 لڑاکا طیارے کی خریداری کیلئے دو ملک نے معاہدہ کرلیا

جے ایف-17 تھنڈر ایک جدید، ہلکا پھلکا، ہر موسم میں دن اور رات میں کام کرنے والا کثیر المقاصد لڑاکا طیارہ ہے

اماراتی عسکری قیادت نے پاک فضائیہ کی جدید کاری کی کوششوں اور بڑھتی ہوئی مقامی صلاحیتوں کو سراہا

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایک ''دوست ملک'' نے پاکستان کے جے ایف-17 لڑاکا طیاروں کی خریداری کے لیے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کردیے ہیں، ایک ایسا طیارہ جسے دبئی ایئر شو 2025 کے دوران دفاعی ماہرین کی جانب سے ''غیر معمولی توجہ'' حاصل رہی۔ یہ بات انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) نے بتائی ہے۔ جے ایف-17 تھنڈر ایک جدید، ہلکا پھلکا، ہر موسم میں دن اور رات میں کام کرنے والا کثیر المقاصد لڑاکا طیارہ ہے، جسے پاکستان ایرو ناٹیکل کمپلیکس (پی اے سی) کامرہ اور چین کی چنگدو ایئر کرافٹ انڈسٹری کارپوریشن (سی اے سی) نے مشترکہ طور پر تیار کیا ہے۔ آئی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

کراچی کی ترقی کے وزیراعظم اور وزیراعلیٰ سندھ کے بیانات خوش آئند، عملی اقدامات ناگزیر، کاٹی

کراچی (کامرس رپورٹر) کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے صدر محمد اکرام راجپوت نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے کراچی کے دورے اور وزیراعلیٰ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 50)

خیبر پختونخوا حکومت نے آٹے کی قیمتوں کے ڈیٹا میں تضاد پر تشویش کا اظہار کردیا

حکام نے صوبائی محکموں کی رپورٹ کردہ آٹے کی قیمتوں اور پی بی ایس کی جانب سے شائع کردہ قیمتوں میں تضاد کی نشاندہی کی

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا حکومت نے صوبائی محکموں اور پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (پی بی ایس) کی جانب سے جمع کیے گئے گندم کے آٹے کی قیمتوں کے ڈیٹا میں تضادات پر تشویش ظاہر کی ہے۔ اس تشویش کا اظہار قومی رابطہ کاری کی ایک میٹنگ میں کیا گیا۔ صوبائی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)

بڑی صنعتوں نے مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں 4.08 فیصد مجموعی نمو ریکارڈ کی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بڑی صنعتوں (ایل ایس ایم) نے مالی سال 2025-26 کی پہلی سہ ماہی میں بحالی کے آثار دکھاتے ہوئے 4.08 فیصد کی مجموعی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

آرگینگ میٹ کمپنی کو براہ راست قطر برآمدات کی منظوری مل گئی

چین کو پکا ہوا اور بیٹ ٹریڈ فروزن بون لیس بیف برآمد کرنے کے 5 . 7 ملین ڈالر مالیت کے کنٹم آرڈرز بھی حاصل کیے تھے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) دی آرگینگ میٹ کمپنی لمیٹڈ (ٹی ایم سی ایل) نے اعلان کیا ہے کہ اسے کارفور قطر کو براہِ راست برآمدات کی منظوری مل گئی ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) کو جاری کردہ نوٹس میں لسٹڈ کمپنی نے بتایا کہ یہ منظوری اس کے علاقائی توسیعی منصوبے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)

بھارتی سرحدی شہروں کی آلودگی لاہور میں داخل

شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ ماسک پہنیں، صبح کے اوقات میں کھلی فضا میں نہ جائیں

لاہور مانیٹرنگ ڈیسک) مشرقی ہواؤں کے ذریعے سرحدی بھارتی شہروں کی آلودگی لاہور میں داخل ہورہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق رات 12 سے 9 بجے تک کم رفتار ہوائیں آلودگی کو سطح زمین پر رکھ رہی ہیں۔ بھٹوں کی اسپکشن، انڈسٹری کی چیکنگ، کھلی جگہوں پر جلاؤ پر زیرو ٹالرنس پالیسی جاری ہے جبکہ روزانہ جرمانے وسیلنگ بھی کی جارہی ہے۔ فصلوں کی باقیات جلانے پر سخت کارروائیاں جاری ہیں جبکہ اضلاع میں اسموگ ایمرجنسی اسکواڈز 24 / 7 فیلڈ میں موجود ہیں۔ ٹریفک پولیس کو خصوصی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

حکومت پی آئی اے خریداروں کو کوئی ضمانت نہیں دے گی

آئی ایم ایف نے اس لین دین پر سیلز ٹیکس کے خاتمے کی منظوری دے دی ہے، لیکن سرمایہ کاروں کو دیگر قسم کی یقین دہانی نہیں دی جائے گی

نجکاری عمل کا آغاز نسبتاً چھوٹے اور کم پیچیدہ معاملات سے کیا گیا، جیسے فرسٹ ویمن بینک کی جزوی منتقلی اور اب بڑے اداروں کی طرف بڑھا جارہا ہے، چیئرمین نجکاری کمیشن محمد علی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین نجکاری کمیشن محمد علی نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) کی فروخت اس سال کے اندر مکمل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے لیکن ممکنہ خریداروں کو کوئی ضمانت نہیں دے گی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے محمد علی نے بتایا کہ آئی ایم ایف نے اس لین دین پر سیلز ٹیکس کے خاتمے کی منظوری دے دی ہے، لیکن سرمایہ کاروں کو دیگر قسم کی یقین دہانی نہیں دی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومتیں بدلتی رہتی ہیں اور ایئر لائن یا کاروبار چلانا صوبائی حکومتوں کا مینڈیٹ نہیں۔ نجکاری کی سست رفتاری سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ نجکاری عمل کا آغاز نسبتاً چھوٹے اور کم پیچیدہ معاملات سے کیا گیا، جیسے فرسٹ ویمن بینک کی جزوی منتقلی اور اب بڑے اداروں کی طرف بڑھا جارہا ہے۔ حکومت سے حکومت (جی ٹو جی) (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

ہالینڈ کے سمندر میں لہروں سے بجلی بنانے والی ٹربائین نصب کیے گئے ہیں

تیزی سے بڑھتی آبادی اور ماحولیاتی خطرات جیسے مسائل کا مقابلہ کرنا ہوگا

زیادہ آبادی کے اثرات انسانی ترقی کے مستقل چیلنجز میں ظاہر ہوتے ہیں جن میں بچوں میں قد میں کمی، تعلیمی غربت اور مستقبل کے لیے نااہل ورک فورس شامل ہیں

موسمیاتی تبدیلیاں کیمونٹیز کو شدید درجہ حرارت، سیلاب، خشک سالی اور ماحولیاتی بگاڑ کے خطرات کے سامنے لارہی ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کے طویل مدتی اقتصادی امکانات اس بات پر منحصر ہیں کہ ملک تیزی سے بڑھتی آبادی اور ماحولیاتی خطرات جیسے دوہرے قومی چیلنجز کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کرے۔ یہ بات انہوں نے پاپولیشن کونسل کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ ولفیر ایبلیٹی انڈیکس آف پاکستان کے اجراء کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وفاقی وزیر نے نشاندہی کی کہ اگرچہ ملک مجموعی معاشی استحکام اور ترقی کی جانب اپنا راستہ جاری رکھے ہوئے ہے لیکن پاکستان آبادی کی رفتار اور بڑھتے ہوئے موسمیاتی خطرات سے پیدا ہونے والے دباؤ کو حل کیے بغیر اپنی مکمل صلاحیت کو حاصل نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں آبادی میں اضافہ کی شرح 2.5 فیصد کے قریب ہے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 32)

آئی جی سندھ غلام نبی میمن پولیس ہیڈ کوارٹر میں یادگار شہداء پر سلامی دے رہے ہیں

ایشیائی ترقیاتی بینک، پاور ٹرانسمیشن پراجیکٹ کے لیے 33 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری

منصوبے کے تحت 500 کے وی کی تقریباً 290 کلومیٹر طویل نئی ٹرانسمیشن لائن تعمیر کی جائے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان کے دوسرے پاور ٹرانسمیشن اسٹرینتھننگ پراجیکٹ کے لیے 33 کروڑ ڈالر کے مجموعی قرض کی منظوری دے دی ہے۔ اے ڈی بی کے مطابق یہ منصوبہ حکومتِ پاکستان کی ترجیحی سرمایہ کاریوں میں شامل ہے جس کا مقصد قومی ٹرانسمیشن نیٹ ورک کو وسعت دینا اور سستی ہائیڈرو اور قابل تجدید توانائی کو ملک کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

نائجیریا کے اعلیٰ سطحی ریونیو وفد کی وزیرخزانہ سے ملاقات

وفد کی قیادت فیڈرل کمشنر میٹرالوجی نے کی، نائجیریا کی ریونیو موبلائزیشن، الاٹمنٹ اینڈ فسکل کمیشن کے 13 ارکان شامل تھے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے نائجیریا کے ایک اعلیٰ سطحی ریونیو وفد کے ساتھ ملاقات کے دوران اپنی جاری اقتصادی اصلاحات اور میکرو اکنامک استحکام میں پیش رفت کا تعارف کرایا۔ حکومت نے ٹیکس اور ریونیو نظام کی جامع ڈیجیٹلائزیشن اور مالیاتی نظم وضبط کو مضبوط (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 34)

پاک، افغان کشیدگی کے باعث اسلام آباد اور راولپنڈی کے تاجروں کو کروڑوں کا نقصان

ہول سیل ڈیلرز نے افغان تاجروں کو ادھار، قندھاری انار، سبزی خصوصی طور خشک پھل، کشمش، خشک خوبانی کیلئے ایڈوانس میں ادائیگیاں کی تھی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور افغانستان میں سیاسی کشیدگی سے طورخم بارڈر سے تجارت کی کئی ہفتوں سے مسلسل معطلی کے بعد راولپنڈی اور اسلام آباد کے 2 درجن بھر چھوٹے بڑے ہول سیل ڈیلرز بڑے تاجروں کے کروڑوں روپے ڈوب گئے ہیں. ذرائع کے مطابق ان ہول سیل ڈیلرز نے افغان تاجروں کو انگور، قندھاری انار، سبزی خصوصی طور خشک پھل، کشمش، خشک (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 35)

پی آئی اے اور بنگلہ دیش ایئر لائن بیان کے درمیان کارگو انٹر لائن کا خصوصی معاہدہ

ٹیکسٹائل، ادویات اور زرعی اجناس جیسی مصنوعات کی ترسیل کے دوران لاجسٹک پیچیدگیوں میں کمی کی جائے گی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) اپنے کارگو بزنس کو وسعت دے رہی ہے اور اپنے صارفین کو مؤثر اور مسابقتی کارگو سروسز فراہم کرنے کا عزم رکھتی ہے۔ اسی سلسلے میں پی آئی اے اور بیمان بنگلہ دیش ایئر لائن کے درمیان کارگو انٹر لائن خصوصی معاہدہ طے پا گیا ہے، جو یکم دسمبر 2025 سے مؤثر ہوگا۔ ماہرین کے مطابق یہ معاہدہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان تجارتی روابط کو مضبوط کرے گا اور فضائی کارگو کی ترسیل کو مزید منظم اور مؤثر بنانے میں معاون ثابت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 49)

کراچی: متحدہ چیئرمین خالد مقبول صدیقی دیگر رہنماؤں کیساتھ پریس کانفرنس کررہے ہیں

وفاقی حکومت کا کراچی میں دلچسپی لینا خوش آئند ہے، وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ

کراچی سرکلر ریلوے منصوبے کیلئے وفاقی حکومت کی ضرورت پڑے گی، ریلوے کو حکومت سندھ سے جو تعاون درکار ہوں ہم کرنے کو تیار ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت کا کراچی میں دلچسپی لینا خوش آئند ہے، وزیراعظم اور وزیر ریلوے کا شکر گذار ہوں. ان خیالات کا اظہار وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کینٹ اسٹیشن اپ گریڈیشن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ان کا مزید کہنا تھا کہ ریلوے کی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)

اکتوبر 2025 ملک کے انفارمیشن ٹیکنالوجی شعبے کی ریکارڈ کارکردگی

ماہانہ آئی ٹی برآمدات 386 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں، جو اب تک کی بلند ترین سطح ہے، یہ حجم سالانہ بنیاد پر 17 فیصد اور ماہانہ بنیاد پر 5 فیصد اضافہ ظاہر کرتا ہے

اکتوبر کی مضبوط کارکردگی کی بدولت مالی سال 26 کے ابتدائی چار ماہ میں آئی ٹی برآمدات مجموعی طور پر 1.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے نے اکتوبر 2025 میں ریکارڈ کارکردگی دکھائی، جب ماہانہ آئی ٹی برآمدات 386 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں، جو اب تک کی بلند ترین سطح ہے۔ یہ حجم سالانہ بنیاد پر 17 فیصد اور ماہانہ بنیاد پر 5 فیصد اضافہ ظاہر کرتا ہے جو گزشتہ 12 ماہ کی اوسط 332 ملین ڈالر سے زیادہ ہے۔ جون 2025 کے بعد سے یہ مسلسل پانچواں مہینہ ہے جس میں پاکستان کی آئی ٹی برآمدات میں سالانہ اضافہ دیکھا گیا۔ اکتوبر کی مضبوط کارکردگی کی بدولت مالی سال 26 کے ابتدائی چار ماہ میں آئی ٹی برآمدات مجموعی طور پر 1.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، جو گزشتہ سال کی اسی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

لاہور: گلاب دیوی اسپتال میں آگاہی واک کی قیادت ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر حامد حسن اور ڈاکٹر عابد علی ہاشمی کررہے ہیں

2025 26 پیاز کی پیداوار کا ہدف 27 لاکھ 80 ہزار ٹن مقرر

پیداوار میں نمایاں اضافہ ہوا جو 19.2 فیصد اضافے کے ساتھ 30-2023 کے 23 لاکھ 4 ہزار 600 ٹن کے مقابلے میں بڑھ کر 27 لاکھ 47 ہزار ٹن تک پہنچ گئی

زیر کاشت رقبہ بھی 16.8 فیصد کے اضافے کے ساتھ ایک لاکھ 42 ہزار 500 ہیکٹر سے بڑھ کر ایک لاکھ 66 ہزار 400 ہیکٹر ہوگیا۔ پیاز پاکستان کی دوسری بڑی سبزی ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے 26-2025 کے لیے پیاز کی مجموعی پیداوار کا ہدف 27 لاکھ 80 ہزار ٹن مقرر کردیا ہے، جس کے لیے پورے ملک میں ایک لاکھ 68 ہزار ہیکٹر رقبے پر کاشت کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ نیا ہدف اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ حکومت موجودہ سیزن میں حاصل ہونے والی بہتر پیداوار کو مزید آگے بڑھانا چاہتی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 25-2024 کے دوران ملک میں پیاز کی پیداوار میں نمایاں اضافہ ہوا جو 19.2 فیصد اضافے کے ساتھ 30-2023 کے 23 لاکھ 4 ہزار 600 ٹن کے مقابلے میں بڑھ کر 27 لاکھ 47 ہزار ٹن تک پہنچ گئی۔ اسی طرح (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

20 برسوں میں کرنسی ختم، انسانوں کیلئے کام اور پیسہ غیر معنی ہوجائیں گے

ٹیکنالوجی کی بدولت آئندہ وہ تبدیلیاں آئیں گی جس کا کسی نے سوچا بھی نہیں ہوگا، ایلون مسک

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹیکنالوجی کی دنیا کے بے تاج بادشاہ اور امیر ترین شخصیات میں سے ایک، ایلون مسک نے آئندہ 20 برسوں میں ہونے والی تبدیلیوں کے بارے میں حیران کن انکشافات کیے ہیں۔ یہ انکشافات ایلون مسک نے سعودی سرمایہ کاری فورم کے ایک غیر معمولی سیشن میں سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کیے۔ اس فورم میں این ویڈیا کے سی ای او جینسن ہوانگ اور سعودی وزیر برائے مواصلات اور انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئر عبداللہ السواحہ بھی شریک تھے۔ ایلون مسک نے انکشاف کیا کہ آئندہ برسوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

مکمل اور جزوی اسمبل شدہ گاڑیوں کا 40 فیصد محصولی فرق برقرار رکھا جائے، انڈس موٹرز

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) انڈس موٹر کمپنی نے تجویز دی ہے کہ آئندہ آٹو پالیسی 31-2026 میں مکمل اسمبل شدہ (سی بی یو) اور جزوی اسمبل شدہ (سی کے ڈی) گاڑیوں کے درمیان کم از کم 40 فیصد محصولی فرق برقرار رکھا جائے تاکہ ملازمتوں کا تحفظ ہو اور صنعت کی مسابقت کو یقینی بنایا جا سکے۔ ذرائع کے مطابق یہ تجویز انڈس موٹر کمپنی کے چیف ایگزیکٹو علی اصغر جمالی نے پاکستان آٹو شو (پی اے پی ایس) کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 44)

ایئر انڈیا نے بھارتی حکومت سے چین کی فضائی حدود استعمال کرنے کی درخواست کردی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی ایئر لائن ایئر انڈیا کی پاکستانی فضائی حدود کی پابندی سے پریشانی بڑھ گئی ہے، ذرائع کا کہنا ہے کہ ایئر لائن نے بھارتی حکومت سے چین کی سنکیانگ میں ایک حساس فضائی حدود استعمال کرنے کی درخواست کردی ہے۔ اطلاعات کے مطابق پاکستان کی فضائی پابندی سے بھارتی فضائی کمپنی کو بڑا مالی نقصان ہورہا ہے، فضائی پابندی کے بعد ایئر انڈیا کی پروازیں لمبی اور مہنگی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

منفی نمو اور پٹرولیم درآمد میں اضافے سے تجارتی خسارہ 12.7 ارب ڈالرز ہوگیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) رواں مالی سال جولائی تا اکتوبر ٹیکسٹائل کے سوا تمام بڑی برآمدی کیٹیگریز میں منفی نمو اور پٹرولیم مصنوعات کی درآمدات میں اضافے نے تجارتی خسارے کو بڑھا کر 12.7 ارب ڈالر تک پہنچا دیا، جو کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں 39 فیصد زیادہ ہے۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹکس کی جاری کردہ بیرونی تجارت کے ابتدائی اعداد و شمار کے مطابق، سالانہ بنیاد پر برآمدات ابتدائی چار (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42)

پاکستان ریلوے زوال کا شکار، چار ٹرینیں آوٹ سورس کردی گئیں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ریلوے جو طویل عرصے سے بدانتظامی اور بڑھتے ہوئے خساروں کا شکار رہی ہے، نے چار ٹرینیں آوٹ سورس کر دی ہیں اور مزید 11 ٹرینوں کے لیے آوٹ سورسنگ کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ حکام نے ہفتے کے روز وزیراعظم شہباز شریف کو بتایا کہ اس اقدام سے مالی مشکلات کا شکار اس سرکاری ادارے کو اضافی 8.5 ارب روپے آمدن متوقع ہے، جو اپنے وجود کو برقرار (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 41)

وزارت تجارت نے سونے کی برآمد اور درآمد بحال کرنے کا حکم جاری کردیا

نوٹیفکیشن نمبر ایس آر او 760(I)/2025 مورخہ 6 مئی 2025 کو فوری طور پر منسوخ کردیا گیا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت تجارت نے مہینوں کی غیر یقینی صورتحال کے بعد سونے کی برآمد اور درآمد بحال کرنے کا حکم نامہ جاری کردیا ہے، جس کے نتیجے میں برآمد کنندگان دوبارہ ان ٹرسٹمنٹ اسکیم کے تحت لازمی 120 دن کی مدت سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔ یہ حکم نامہ اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کی جانب سے تجویز کی منظوری اور بعد ازاں وفاقی کابینہ کی توثیق کے بعد جاری کیا گیا۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 45)

افغانستان کو برآمدات متاثر ہونے پر ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ نئی مارکیٹوں کی تلاش میں سرگرم

ایم ٹی ایل میکسیکو، افریقہ اور ممکنہ طور پر سری لنکا جیسی نئی منڈیوں پر توجہ مرکوز کررہی ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سیاسی غیر یقینی صورتحال کے باعث افغانستان کو برآمدات متاثر ہونے کے بعد پاکستانی ٹریکٹر ساز کمپنی ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ (ایم ٹی ایل) اب اپنی بیرونی موجودگی کو برقرار رکھنے اور وسعت دینے کے لیے میکسیکو، افریقہ اور سری لنکا سمیت نئی مارکیٹوں کی تلاش کررہی ہے۔ کمپنی انتظامیہ نے ایک کارپوریٹ بریفنگ سیشن میں معلومات فراہم کی۔ سیشن میں کمپنی کی حالیہ کارکردگی اور مستقبل کے مواقع پر بات چیت کی گئی۔ انتظامیہ نے بتایا کہ کمپنی کی برآمدات کی مقدار پچھلے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)

ابوظہبی: آصفہ بھٹو، بختاور بھٹو، نورا خلیفہ السویدی کا اماراتی سولجرز کے ساتھ گروپ فوٹو

لانڈھی کا ٹیچ انڈسٹریز کی آباد کاری تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، پٹیشنر محمود حامد

یہ زمین کے ایم سی نے 1993 میں پیروز گارنوجوانوں کو لاٹ کی تھی جس کے لیے ان سے کروڑوں روپے وصول کیے گئے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ نے کے ایم سی لانڈھی کاٹیچ انڈسٹریز کے الاٹیز کی آئینی پٹیشن کی سماعت کی ہائی کورٹ کی۔ ڈبل بینچ جسٹس محمد یوسف سعید اور جسٹس عبدالمحسن لاکھو پر مشتمل ہے، عدالت نے بورڈ آف ریونیو کے وکیل سے کے ایم سی لانڈھی کاٹیچ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 47)

روان برس گنے کی 25 فیصد زائد پیداوار ریکارڈ کی گئی ہے لیکن گنے کی بمپر پیداوار اور امپورٹ کے باوجود عوام کو چینی زائد قیمتوں پر فروخت کی جارہی ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) رواں برس گنے کی ریکارڈ پیداوار کے باوجود چینی مافیا نے مصنوعی بحران پیدا کردیا تجارت نیوز کو ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق شوگر ملوں کی جانب سے 100 فیصد کرشنگ شروع نہ کیے جانے سے منظم انداز میں چینی کا مصنوعی بحران پیدا کیا گیا ہے۔ جبکہ فی الوقت صرف 10 فیصد شوگر ملز گنے کی کرشنگ کررہی ہیں، باقی ماندہ 90 فیصد ملوں سیزن کے باوجود گنے کی کرشنگ کا آغاز نہیں کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گنے کی تیار فصل کی 100 فیصد کرشنگ سے فی کلو چینی کی قیمت 120 روپے کی سطح پر آنے سے عوام کو ریلیف مل سکتا ہے۔ ذرائع نے دعویٰ کیا کہ رواں برس گنے کی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

لاہور: سی بی ڈی پنجاب کے نئے کمرشل فیز ''دی سیکنڈ واک'' کا عکس

گنے کی ریکارڈ پیداوار کے باوجود ملک میں چینی کا مصنوعی بحران

90 فیصد شوگر ملیں تاحال غیر فعال 100 فیصد کرشنگ کی صورت میں چینی کی قیمت 120 روپے فی کلو تک کم ہوسکتی ہے

تجارت نیوز

میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے

جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس

اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں

اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں

info@tijaratnews.tv

0307-0610770

کراچی میں 756 ترقیاتی اسکیمیں زیر عمل ہیں، شرجیل میمن

سندھ حکومت کراچی کو ایک جدید، محفوظ اور سہولتوں سے آراستہ شہر بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی میں سندھ حکومت کی سنجیدہ اور فعال پالیسی کے تحت 756 ترقیاتی اسکیمیں زیر عمل ہیں، جن کا مقصد شہر کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط اور جدید بنانا ہے، سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن کا مزید کہنا تھا کہ سوا 13 ارب کی لاگت سے کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی 76 اسکیمیں اور 18 ارب 36 کروڑ کی لاگت سے کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کی 200 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

لاہور: گلاب دیوی اسپتال میں آگاہی واک کی قیادت ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر حامد حسن اور ڈاکٹر عابد علی ہاشمی کررہے ہیں

ایڈیٹر محمد صغیر نے قیوم پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا